۲۱۵۸- کچہری میں ہار جیت قسمت سے ہوتی ہے۔

2159. Law is mighty, necessity is mightier.

۲۱۵۹- بھوکا مرتا قانون کی پرواہ نہیں کرتا۔

2160. Lawsuits consume time, and money, and rest, and friend.

۲۱۶۰- مقدمہ بازی میں دولت، آرام، چین اور دوست سے ہاتھ دھونے پڑتے ہیں۔

2161. Lawyers' houses are built on the

heads of fools.

۲۱۶۱- بیوقوف نہ ہوں تو وکیل بھوکے مریں۔

2162. Lazy people take the most pains.

۲۱۶۲- کاہلی کے برابر کوئی مشقت نہیں۔

2163. Lean liberty is better than fat slavery.

۲۱۶۳- جنت کی غلامی سے دوزخ کی بادشاہت بھلی!

2164. Learned fools are the greatest fools.

۲۱۶۴- جو پڑھ لکھ کر بھی بیوقوف رہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی بیوقوف نہیں!

2165. Learning is a kind of natural food for the mind.

۲۱۶۵- علم روح کے لئے ایک قسم کی قدرتی غذا ہے۔

2166. Learning makes the wise wiser, but the fool more foolish.

۲۱۶۶- علم سے عقلمند کی عقل بڑھتی ہے اور نادان کی نادانی۔

2167. Learning is a sceptre to some, a bauble to others.

۲۱۶۷- علم سے بعض لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں اور بعض کے لئے یہ صرف زیبائش کا کام دیتا ہے۔

2168. Learning makes a man fit company

for himself.

۲۱۶۸- عالم کو تنہائی بھاتی ہے۔

2169. Learning makes a good man better, and an ill man worse.

۲۱۶۹- علم سے اچھا آدمی بہتر اور برُا بدتر بنتا ہے۔

2170. Least said, soonest amended.

۲۱۷۰- کم گوئی میں زیادہ بگاڑ کا ڈر نہیں!

2171. Leave a jest when it please you best.

۲۱۷۱- جو مذاق تمہیں پسند ہے ممکن ہے۔ وہ اوروں کو ناگوار ہو!

2172. Leave if you cannot mend it.

۲۱۷۲- جو کام نہ کر سکو اسے ہاتھ مت لگاؤ!

2173. Leave off first for manners's sake.

۲۱۷۳- پیٹ نہ بھی بھرا ہو تو اوروں سے پہلے کھانا چھوڑ دو۔

2174. Leave tomorrow till tomarrow.

۲۱۷۴- کل کی کل دیکھی جائے گی!

2175. Leaves enough but few grapes.

۲۱۷۵- کام کی چیز تھوڑی ہوتی ہے۔

2176. Lend only what you can afford to lose.

۲۱۷۶- واپسی کی امید پر قرض نہ دو!

2177. Let a man say what he will, an ill man will turn it ill.

۲۱۷۷۔ بُرا آدمی اچھی بات کے بھی بُرے معنی نکالتا ہے۔

2178. Let anger's fire be slow to burn.

۲۱۷۸۔ دیکھنا کہیں تمہارے غصے سے کسی کو نقصان نہ پہنچے۔

2179. Let by gones by by-gones.

۲۱۷۹۔ گذشتہ را صلوٰۃ! گھڑے مردے مت اکھاڑو۔

2180. Let each one turn his mind to his own troubles.

۲۱۸۰۔ اپنے کام سے کام رکھو۔

2181. Let deeds correspond with words.

۲۱۸۱۔ قول و فعل میں مطابقت ہونی چاہئے!

2182. Let each tailor mend his own coat.

۲۱۸۲۔ اگر اس دنیا کے واعظان با عمل ہوں توں یہاں کا نقشہ ہی پلٹ جائے۔

2183. Let everyman's hope be in himself.

۲۱۸۳۔ ہر شخص کو اپنے ہی اوپر بھروسہ رکھنا چاہئے۔

2184. Let every man talk of what he understand.

۲۱۸۴۔ جو کچھ تم نہیں سمجھتے اس کے متعلق کیوں بات کرتے ہو؟

2185. Laws grind the poor and rich men

rule the laws.

۲۱۸۵- امیر آدمیوں کے بنائے ہوئے قانون غریبوں کو پیستے ہیں۔

2186. Let him bear the palm who has deserved it.

۲۱۸۶- حق بہ حقدار!

2187. Let him fry in his own grease.

۲۱۸۷- لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا!

2188. Let him take who can take.

۲۱۸۸- جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔

2189. Let humanity ever be our goal.

۲۱۸۹- انسانیت ہر وقت پیش نظر رکھنی چاہئے۔

2190. Let him that receives the profit repair the inn.

۲۱۹۰- انڈے سیئے کوئی، بچے لے کوئی!

2191. Let not poverty part good company.

۲۱۹۱- کسی کو غریب ہونے کی بنا پر چھوڑنا واجب نہیں۔

2192. Let not the grass grow the path of friendship.

۲۱۹۲- دوستی کو ڈھیلا مت ہونے دو۔

2193. Let not the praise be before the victory.

۲۱۹۳- فتح سے پہلے ہی تعریف مت کرو!

2194. Let not the shoe be larger than the foot.

۲۱۹۴- آمدنی سے خرچ مت بڑھنے دو-

2195. Let not your expenditure exceed your income.

۲۱۹۵- جتنی چادر دیکھئے اتنے پاؤں پساریئے-

2196. Let people talk and dogs bark.

۲۱۹۶- دنیا کسے بُرا نہیں کہتی؟

2197. Let sleeping dogs lie.

۲۱۹۷- سوئے فتنے کو نہ جگاؤ!

2198. Let the best horse leap the hedge first.

۲۱۹۸- سب سے اچھا سب سے پہلے-

2199. Let the cobbler stick to his last.

۲۱۹۹- جس کا کام اسی کو ساجے!

2200. Let the die be cast.

۲۲۰۰- اب جو کچھ ہونا ہے ہو!

2201. Let the devil never find the unemployed.

۲۲۰۱- شیطان صرف بیکار آدمی کو ڈھونڈتا ہے-

2202. Let the drunkard alone, and he will fall of himself.

۲۲۰۲- شرابی کو دھکا کیا دینا-

2203. Let the punishment be equal with the offence.

۲۲۰۳- جیسا جرم ویسی سزا!

2204. Let those laugh who win.

۲۲۰۴- فتح یاب تو ہنسیں گے ہی- تمہیں حسد کیوں ہو؟

2205. Let us eat and drink, for tomorrow we die.

۲۲۰۵- جب تک زندگی ہے عیش کرو!

2206. Let the most difficult duty be your most sacred duty.

۲۲۰۶- سب سے مشکل کام کو نباہنا آدمی کا فرض مقدم ہے-

2207. Let the past be past.

۲۲۰۷- گذشتہ را صلوٰۃ!

2208. Let us have a talk in my house, and dinner in yours.

۲۲۰۸- باتیں یہاں کر لیتے ہیں کھانا تمہارے گھر چل کے کھالیں گے-

2209. Let us sing on our journey as far as we go; the way will be less tedious.

۲۲۰۹۔ ہنستے بولتے سفر آسانی سے طے ہو جاتا ہے۔

2210. Let well alone.

۲۲۱۰۔ سوتے شیر کو مت جگاؤ!

2211. Let women spin, not preach.

۲۲۱۱۔ عورت کا کام باتیں بنانا نہیں بلکہ کام کرنا ہے۔

2212. Let your purse be your master.

۲۲۱۲۔ مقدور سے زیادہ خرچ ہرگز نہیں کرنا چاہئے۔

2213. Liars have short wings.

۲۲۱۳۔ جھوٹ دیر تک چھپا نہیں رہ سکتا!

2214. Liberal with another man's leather.

۲۲۱۴۔ حلوائی کی دکان، نانا جی کی فاتحہ۔

2215. Liberality has no limits.

۲۲۱۵۔ فیاضی کی کوئی حد نہیں!

2216. Lies ground the world.

۲۲۱۶۔ دنیا میں جھوٹ سے بہت نقصان ہوتے ہیں۔

2217. Lies hunt in packs.

۲۲۱۷۔ جھوٹ کا لشکر چلتا ہے۔

2218. Lies may be acted as well as spoken.

۲۲۱۸۔ جھوٹ قول میں بھی ہو سکتا ہے عمل میں بھی۔

2219. Life is better than bags of gold.

۲۲۱۹- جان بچی لاکھوں پائے!

2220. Life is but a dream.

۲۲۲۰- زندگی مانند خواب ہے۔

2221. Life is half spent before we know what it is.

۲۲۲۱- زندگی گزر جاتی ہے اور یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس کا راز کیا ہے۔

2222. Life is short and the art is long.

۲۲۲۲- زندگی کوتاہ کسب کمال طولانی!

2223. Life is variable.

۲۲۲۳- زندگی ڈھلتی چھاؤں ہے۔ زندگی تغیر پذیر ہے۔

2224. Life is not to breathe, it is to act.

۲۲۲۴- زندگی محض زندہ رہنے کے لئے نہیں بلکہ کام کرنے کے لئے ہے۔

2225. Life lieth not in living, but in acting.

۲۲۲۵- زندگی سے مراد زندہ رہنا نہیں بلکہ کام کرنا ہے۔

2226. Life without a friend is death without a witness. y

۲۲۲۶- دوست نہ ہو تو زندگی نہ ہونے کے برابر ہے۔

2227. Life would be too smooth without rules in it.

۲۲۲۷- پابندیاں نہ ہوں تو زندگی بے کیف ہو جائے۔

2228. Life means strife.

۲۲۲۸- زندگی کشمکش کا دوسرا نام ہے-

2229. Light another's candle, but don't put your own out.

۲۲۲۹- دوسرے کی ہنڈیاں چولہے چڑھاؤ مگر اپنی مت اُتار پھینکو!

2230. Light burdens, long borne, grow heavy.

۲۲۳۰- تھوڑا بوجھ بھی مسلسل اٹھانا پڑے تو گراں معلوم ہونے لگے گا-

2231. Light gains make heavy purses.

۲۲۳۱- کوڑی کوڑی کر کے مایا جڑتی ہے-

2232. Light supper makes long life.

۲۲۳۲- تھوڑا کھانا، انگ لگانا!

2233. Light your lamp before it becomes dark.

۲۲۳۳- مصیبت آنے سے پہلے ہی اس کے انسداد کا انتظام کرو!

2234. Lightly come, lightly go.

۲۲۳۴- مال حرام بود رہ جائے حرام رفت!

2235. Like a cuckoo you have but one song.

۲۲۳۵- وہی تیری تنتنی وہی تیرا راگ-

2236. Like a hog, he does no good till he

dies.

۲۲۳۶- بے مصرف زندگی!

2237. Like cures like.

۲۲۳۷- لوہے کو لوہا کاٹتا ہے- زہر کو زہر مارتا ہے-

2238. Like draws to like, the whole world over.

۲۲۳۸- کند ہم جنس باہم جنس پرواز-

2239. Like father, like son.

۲۲۳۹- جیسا باپ ویسا بیٹا-

2240. Like master, like land.

۲۲۴۰- جیسا کسان ویسی کھیتی!

2241. Like prince, like people.

۲۲۴۱- جیسا راجہ، ویسی پرجا-

2242. Like saint, like offering.

۲۲۴۲- جیسی تیری تومڑی ویسا تیرا راگ-

2243. Like will to like.

۲۲۴۳- یکساں چیزوں میں کشش ہوتی ہے-

2244. Like master, like servant.

۲۲۴۴- جیسا آقا، ویسا نوکر!

2245. Listeners never hear good of themselves.

۲۲۴۵- چھُپ کر سننے والے اپنی ہی بُرائی سُنتے ہیں-

2246. Little and good.

۲۲۴۶- تھوڑا اور اچھا!

2247. Little and often fills the purse.

۲۲۴۷- کوڑی کوڑی کر کے مایا جڑتی ہے-

2248. Little boats must keep the shore; larger ships may venture more.

۲۲۴۸- چھوٹی کشتی کو کنارے کے پاس ہی رہنا چاہئے صرف بڑا جہاز ہی گہرے-پانی میں جانے کی ہمت کر سکتا ہے-

2252. Little bodies have great souls.

۲۲۴۲- پست ہمت نہ ہو پست قامت ہو تو ہو!

2243. Little by little the bird builds its nest.

۲۲۴۳- بھوئی بھوئی کر کے تالاب بھر جاتا ہے-

2244. Little children, little sorrows, big children, big sorrows.

۲۲۴۴- جتنا بڑا آدمی اتنی ہی بڑی اس کی مصیبت!

2245. Little sticks kindle the fire; great ones put it out.

۲۲۴۵- جو کام چاقو سے نکل سکتا ہے وہ کلہاڑے سے نہیں نکل سکتا-

2246. Little chips light great fires.

۲۲۴۶- ذرا سی چنگاری سے جنگل خاک ہو جاتا ہے-

2247. Little children, headache, big children heartache.

۲۲۴۷- بچوں کی تکلیفات جسمانی ہوتی ہیں اور بڑوں کی روحانی!

2248. Little dogs start the hare, the great ones get her.

۲۲۴۸- جو کام چھوٹے بگاڑ دیتے ہیں بڑے اس کو سنوار دیتے ہیں-

2249. Little enemies and little wounds are not to be despised.

۲۲۴۹- چھوٹے دشمن اور چھوٹے گھاؤ کو حقیر مت جانو-

2250. Littie folk are soon angry.

۲۲۵۰- چھوٹوں کو غصہ جلد آ جاتا ہے-

2251. Little wealth, less care.

۲۲۵۱- جتنی تھوڑی دولت اتنی ہی تھوڑی فکر-

2252. Little griefs are loud, great griefs are silent.

۲۲۵۲- تھوڑا مارا روئے، بہت مارا سوئے-

2253. Little griefs make us tender; great ones make us hard and unfeeling.

۲۲۵۳- تھوڑی تکلیف میں آنسو بڑی تکلیف میں سخت دِلی-

2254. Little intermeddling makes good

friends.

۲۲۵۴- ایک دوسرے کے کاموں میں دخل نہ دینے سے دوستی بڑھتی ہے۔

2255. Little is done when every one is master.

۲۲۵۵- میں بھی رانی تو بھی رانی، کون بھرے گا پانی۔

2256. Little loses amaze, great ones tame.

۲۲۵۶- تھوڑے نقصان پر حیرت تو بڑے نقصان پر توکل۔

2257. Little strokes fell great oaks.

۲۲۵۷- رسی کے بار بار گھسنے سے پتھر پر بھی لکیر پڑ جاتی ہے۔

2258. Little thieves we hang, great ones we let go free.

۲۲۵۸- چھوٹوں کو قصور کی سزا ملتی ہے لیکن بڑوں پر کسی کا بس نہیں چلتا۔

2259. Little troubles are great to little people.

۲۲۵۹- غریب کے لئے تھوڑا نقصان بھی بڑا۔

2260. Live and learn.

۲۲۶۰- ابھی دنیا دیکھو!

2261. Live and let live.

۲۲۶۱- جیو اور جینے دو!

2262. Live mindful death, the hour is passing by your.

۲۲۶۲- زندگی تو رفتہ رفتہ کم ہوتی جا رہی ہے-

2263. Live in today, not for today.

۲۲۶۳- آج کے ساتھ کل کا بھی خیال رکھو!

2264. Live to learn and learn to live.

۲۲۶۴- زندگی علم سیکھنے کے لئے ہے، اور زندگی گزارنے کا ٹھیک طریقہ علم سکھاتا ہے-

2265. Live not to eat, but eat to live.

۲۲۶۵- جینے کے لئے کھاؤ کھانے کے لئے مت جیو-

2266. Live today, forgetting the anxieties of the past.

۲۲۶۶- گزری ہوئی آفات کو بھلا دو!

2267. Lifeless, faultless.

۲۲۶۷- جو مر چکا اس کے عیبوں کا کیا ذکر!

2268. Listlessness and silence denote the

۲۲۶۸- طبیعت کی سستی اور خاموشی عشق کی علامت ؟

2269. Living upon trust is the way to pay double.

۲۲۶۹- جو ادھار لے کر گزر جاتا ہے اسے دگنا ادا کرنا پڑتا ہے-

2270. Loans and debts, make worries and frets.

۲۲۷۰- قرض لینے والے اور دینے والے دونوں ہی کے لئے باعث فکر و رنج ہوتا ہے۔

2271. Lock your door and keep your neighbours honest.

۲۲۷۱- اپنے مال کی حفاظت نہیں کرتا اور چور کا نام دھرتا ہے۔

2272. London Bridge was made for wise men to pass over and for fools to pass under.

۲۲۷۲- جس چیز سے فائدہ ہوتا ہو بیوقوف اس سے بھی اپنی بیوقوفی سے نقصان اٹھائیں گے۔

2273. Long absent, soon forgotten.

۲۲۷۳- آنکھ اوجھل- پہاڑ اوجھل۔

2274. Long expected comes at last.

۲۲۷۴- جس بات کی مدت سے امید ہو آخر ہو کر رہتی ہے۔

2275. Long hair, little wit.

۲۲۷۵- عورت کی عقل گدی پیچھے۔

2276. Long is the way by rules; short and effective by examples.

۲۲۷۶- کسی بات کو سکھانے کا سب سے سیدھا اور اچھا طریقہ تمثیل

ہے۔

2277. Long talks makes short work.

۲۲۷۷- زیادہ باتیں تھوڑا کام!

2278. Look above you and then about you.

۲۲۷۸- برا کام کرنے سے پہلے سوچ لو کہ خدا سب کچھ دیکھ رہا ہے۔

2279. Look before you leap.

۲۲۷۹- پھونک پھونک کر قدم رکھنا چاہئے!

2280. Look before you, or you'll have to look behind you.

۲۲۸۰- جو سوچ سمجھ کر کام نہیں کرتا آخر پچھتاتا ہے۔

2281. Look not for musk in a dog's kennel.

۲۲۸۱- بنیے کی دکان پر موتی ڈھونڈنا۔

2282. Look not too high, lest a chip fall in your eye.

۲۲۸۲- جو اپنی حیثیت سے باہر قدم رکھتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔

2283. Look for squalls, but don't make them.

۲۲۸۳- مشکلات کی تاک میں رہو لیکن ان کے پیدا کرنے کا باعث مت بنو!

2284. Look not a gift horse in the mouth.

۲۲۸۴- مانگے کے بیل کے دانت دیکھتے ہو؟

2285. Look to the main chance.

۲۲۸۵- اصل بات کا دھیان رکھنا چاہئے۔

2286. Lose nothing for asking.

۲۲۸۶- مانگنے سے کچھ نہیں بگڑتا!

2287. Loss of honour is loss of life.

۲۲۸۷- بے عزتی کی زندگی سے موت بھلی۔

2288. Loss of wealth is lamented with greater outcry than the loss of friends.

۲۲۸۸- دوستوں کے جانے سے دولت کے جانے کا زیادہ رنج ہوتا ہے۔

2289. Lost time is never found.

۲۲۸۹- گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا۔

2290. Love and a cough cannot be hid.

۲۲۹۰- محبت اور کھانسی بھی کبھی چھپائے چھپتے ہیں۔

2291. Love and nature cannot be concealed.

۲۲۹۱- محبت اور خصلت کبھی نہیں چھپ سکتی۔

2292. Love and murder will out.

۲۲۹۲- محبت اور خون آخر ظاہر ہو جاتا ہے۔

2293. Love and musk cannot be hid.

۲۲۹۳- عشق اور مشک چھپائے نہیں چھپ سکتے۔

2294. Love and business teach eloquence.

۲۲۹۳- عشق اور تجارت میں فصاحت خود بخود آجاتی ہے۔

2295. Love and lordship no fellowship.

۲۲۹۵- عشق اور حکومت میں رقیب بُرا لگتا ہے۔

2296. Love as though might have to hate; hate as though you might have to love.

۲۲۹۶- دوستی میں یاد رکھنا کہ ممکن ہے کسی دن دشمنی ہو جائے اور دشمنی میں بھی کبھی حد مناسب سے تجاوز نہ کرنا کہ ممکن ہے کہ کبھی سلوک کی ضرورت پڑ جائے۔

2297. Love asks faith and faith firmness.

۲۲۹۷- عشق میں اعتقاد کی اور اعتقاد میں استحکام کی ضرورت ہوتی ہے۔

2298. Love and jealousy are seldom separate.

۲۰۹۷- عشق اور حسد عموماً اکٹھے پائے جاتے ہیں۔

2299. Love begets love.

۲۰۹۸- دل کو دل سے رَاہ ہوتی ہے۔

2300. Love conquers all things.

۲۳۹۹- محبت تمام مشکلات پر غلبہ پالیتی ہے۔

01. Love if you wish to be loved.

۲۳۰۰- محبت چاہتے ہو تو محبت کرو!

2302. Love is the mother of forbearance.

۲۳۰۲- محبت صبر و تحمل سکھاتی ہے-

2303. Love is the maker of suspicions.

۲۳۰۳- محبت میں ذرا ذرا سی بات پر شبہ ہوتا ہے-

2304. Love is always blind.

۲۳۰۴- عشق کی آنکھیں نہیں ہوتیں-

2305. Love is a kind of warfare.

۲۳۰۵- عشق ایک قسم کی جنگ ہے-

2306. Love is blind but sees afar.

۲۳۰۶- محبت اندھی ہے لیکن دور تک دیکھتی ہے-

2307. Love destroys modesty.

۲۳۰۷- لگن لگی تو لاج کیا؟

2308. Love is commenced at the mind's bidding, but is not cast off by it.

۲۳۰۸- محبت دل کے کہنے سے شروع ہوتی ہے لیکن دل کے کہنے سے ختم نہیں ہو سکتی-

2309. Love is master of all arts.

۲۳۰۹- عشق کو سب ہنر آتے ہیں-

2310. Love is not found in the market.

۲۳۱۰- محبت بازار میں نہیں بکتی-

2311. Love is perfidious.

۲۳۱۱- محبت دغاباز ہوتی ہے۔

2312. Love is the true price of love.

۲۳۱۲- محبت کا اصل عوض محبت ہی ہے۔

2313. Love knows no rule.

۲۳۱۳- عشق ہر قسم کی قید و بند سے آزاد ہے۔

2314. Love is very fruitful, both of honey and gall.

۲۳۱۴- محبت میں سکھ بھی بہت دکھ بھی بہت!

2316. Love lives in cottages as well as in courts.

۲۳۱۶- محبت کے لئے جھونپڑی اور محل کی قید نہیں!

2316. Love makes all equal.

۲۳۱۶- محبت میں سب برابر!

2317. Love makes all hearts gentle.

۲۳۱۷- محبت کس کے دل کو موم نہیں کر دیتی؟

2318. Love makes fit for any work.

۲۳۱۸- کیا کیا نہ کیا ہم نے صنم یار کی خاطر!

2319. Love makes clever hands.

۲۳۱۹- محبت چالاک بنا دیتی ہے۔

2320. Love me little, love me long.

۲۳۲۰- محبت چاہے تھوڑی ہو لیکن مستقل تو ہو!

2321. Love me, love my dog.

۲۳۲۱- مجھ سے محبت کرنی ہے تو میری ہر چیز سے محبت کرنی پڑے گی-

2322. Love of praise and of one's own country are their own reward.

۲۳۲۲- شہرت اور وطن کی محبت کو کسی اور انعام کی ضرورت نہیں!

2323. Love rules without a sword; love binds without a cord.

۲۳۲۳- عشق تلوار کے بغیر حکومت کرتا ہے اور بغیر زنجیر کے باندھتا ہے-

2324. Love speaks no ill, envy thinks no good.

۲۳۲۴- محبت کو کبھی بُرا نظر نہیں آتا اور حسد کو کچھ بھی اچھا نہیں لگتا-

2325. Love to act than to talk.

۲۳۲۵- کام کرنا سیکھو نہ کہ باتیں!

2326. Love will creep where sword cannot go.

۲۳۲۶- محبت سے جو کام نکل سکتا ہے وہ تلوار سے نہیں نکل سکتا!

2327. Love without return is like a question without an answer.

۲۳۲۷- محبت کے بدلے اگر محبت نہ ہو تو ایسا ہی جیسے جواب کے بغیر سوال!

2328. Love's fire, once out, is hard to

kindle.

۲۳۲۸- جُڑتے نہیں دل دو کبھی ٹوٹے ہوئے!

2329. Lovers live by love as larks by leeks.

۲۳۲۹- عاشقوں کی عشق ہی غذا ہے۔

2330. Lovers' purses are tied with cobwebs.

۲۳۳۰- عاشق خرچ کرتے ہوئے پرواہ نہیں کرتے۔

2331. Lovers' quarrels are soon adjusted.

۲۳۳۱- عاشق و معشوق کا شکوہ ہی کیا گلہ ہی کیا!

2332. Lovers remember all things.

۲۳۳۲- عاشقوں کو چھوٹی چیزیں بھی یاد رہتی ہیں۔

2333. Loyalty is worth more than money.

۳۲۳۳- زر کو وفاداری سے کیا نسبت؟

2334. Loyal heart lied never.

۲۳۳۴-وفا جھوٹ سے ناآشنا ہے۔

2335. Luck makes courage.

۲۳۳۵- خوش قسمتی ہمت کو دوبالا کر دیتی ہے۔

2336. Lucky men need no counsel.

۲۳۳۶- خوش نصیب کو صلاح کیا درکار؟

2337. Lying is weakness, truth is health.

۲۳۳۷-جھوٹ بولنا کمزوری ہے اور سچ صحت کی علامت!

M

2338. Mad dogs cannot live long.

۲۳۳۸-پاگل کتا دیر تک زندہ نہیں رہتا!

2339. Mad people think others mad.

۲۳۳۹- دیوانے کو سب ہی دیوانے نظر آتے ہیں-

2340. Make a virtue of necessity.

۲۳۴۰- گلے پڑا ڈھول بجانا!

2341. Make all sure and keep all pure.

۲۳۴۱- حساب پاک ہوگا تو خدشہ نام کو نہ ہوگا!

2342. Make every bargain clear and plain; that none may afterwards complain.

۲۳۴۲- ہر سودا ٹھیک طریقہ سے کرو تاکہ بعد میں کسی کو بھی تکلیف نہ ہو!

2343. Make good cheese if you make little.

۲۳۴۳- کام تھوڑا کرو تو کم از کم اچھا تو کرو-

2344. Make hay while the sun shines.

۲۳۴۴۔ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا۔ وقت کو غنیمت جانو۔

2345. Make your hay as best you may.

۲۳۴۵۔ جیسے کام نکلے۔ نکالو!

2346. Make yourself all honey and flies will devour you.

۲۳۴۶۔ اتنے میٹھے نہ بنو کہ ہر کوئی کھا جائے!

2347. Make not thy tail broader than thy wings.

۲۳۴۷۔اپنی حیثیت سے باہر قدم نہ نکالو۔

2348. Make not two sorrows of one.

۲۳۴۸۔ تھوڑے رنج کو بڑھا کر زیادہ نہ بنا لو!

2349. Make your flutes agree.

۲۳۴۹۔ اتفاق میں برکت ہے۔

2350. Make your plans for the year at its beginning; correct your wife from the first day.

۲۳۵۰۔ سال بھر کے کام کا نقشہ پہلے ہی بنا لو اور اپنی بیوی کو پہلے روز سے ہی ٹھیک کرنا شروع کرو!

351. Malice is mindful.

۲۳۵۱۔ کینہ پرور ذرا ذرا سی باتوں کا خیال رکھتا ہے۔

2352. Man is bubble.

۲۳۵۲- آدمی بلبلا ہے پانی کا!

2353. Malice is blind and knows nothing but to disparage good qualities.

۲۳۵۳- کینہ اندھا ہوتا ہے اور سوائے اچھی باتوں کی برائی کرنے کے اور کچھ نہیں جانتا۔

2354. Mammon has more worshippers than God.

۲۳۵۴- زر کی خدا سے زیادہ پرستش ہوتی ہے۔

2355. Man is a bundle of habits.

۲۳۵۵- انسان عادات کا پُتلا ہے۔

2356. Murder hath tongue.

۲۳۵۶- خون کبھی نہیں چھُپ سکتا!

2357. Man is daily in danger from man.

۲۳۵۷- انسان کو انسان سے ہر وقت خطرہ رہتا ہے۔

2358. Man is fire and woman tow; the devil comes and sets them in a blaze.

۲۳۵۸- مرد آگ ہے اور عورت گویا پھوس/ شیطان کے آنے کی دیر ہے کہ آگ لگی۔

2359. Man is mortal.

۲۳۵۹- انسان فانی ہے۔

2360. Man is known by the company he keeps.

۲۳۶۰- انسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے۔

2361. Man is the child of error.

۲۳۶۱- غلطی کرنا فطرتِ انسانی ہے۔

2362. Man is the slave beneficene.

۲۳۶۲- جہاں دیکھوں تو اپرات وہیں گاؤں ساری رات۔

2363. Man is to man either god or wolf.

۲۳۶۳- آدمی سے آدمی کو یا تو بہت فائدہ پہنچے گا یا شدید نقصان!

2364. Man is the slave of habits.

۲۳۶۴- انسان عادات کا غلام ہے۔

2365. Man is what he eats.

۲۳۶۵- کھانے کا انسان پر بہت اثر پڑتا ہے۔

2366. Man learns little from victory, but much from defeat.

۲۳۶۶- انسان فتح سے نہیں بلکہ شکست سے بہت کچھ سیکھتا ہے۔

2367. Man loves once only.

۲۳۶۷- مرد کو عشق ایک ہی بار ہوتا ہے۔

2368. Man's mind ever yearns to be doing something.

۲۳۶۸- انسان کا دل ہر وقت کچھ نہ کچھ کام کرنے کو چاہتا ہے۔

2369. Man proposes, God disposes.

۲۳۶۹- واہ رے قسمت کے ولیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا!

2370. Man punishes the action, but God the intention.

۲۳۷۰- انسان جرم کو دیکھتا ہے خدا نیت کو!

2371. Man regardeth the outward appearance.

۲۳۷۱- دنیا ظاہر پرست ہے۔

2372. Manners maketh man.

۲۳۷۲- باادب ہو کر بزرگ بنے!

2373. Manners and money make a gentleman.

۲۳۷۳-انسان کی شرافت دولت اور اطوار سے ہے۔

2374. Many a drop makes a shower.

۲۳۷۴-قطرہ قطرہ شود دریا!

2375. Many a fine dish has nothing on it.

۲۳۷۵-اونچی دکان پھیکا پکوان!

2376. Many a good cow hath a bad calf.

۲۳۷۶- گوری ماں کے کالے بچے!

2377. Many a man asks the way he knows full well.

۲۰۷۷- بعض اشخاص کو فضول باتیں کرنے کی عادت ہوتی ہے۔

2378. Many are the friends of the golden tongue.

۲۳۷۸- میٹھا بولنے والے کے سب ساتھی۔

2379. Many can bear adversity, but few contempt.

۲۳۷۹- مصیبت تو بہت سے سہار لیتے ہیں لیکن حقارت کسی سے برداشت نہیں ہوتی۔

2380. Many can make bricks, but cannot build.

۲۳۸۰- اینٹیں بنانا آسان ہے لیکن مکان تعمیر کرنا مشکل!

2381. Many can pack the cards that cannot play.

۲۳۸۱- ہر شخص مفید ثابت ہو سکتا ہے بشرطیکہ تمہیں معلوم ہو کہ اس سے کس طرح کام لیا جائے۔

2382. Many sands will sink a ship.

۲۳۸۲- چھوٹی باتوں کی پرواہ نہ کرو تو بعد میں نقصانِ عظیم کا باعث بنتی ہیں۔

2383. Many find fault without an end, and yet do nothing at all to mend.

۲۳۸۲- انسان کی عیب جوئی تو ہر کوئی کرتا ہے لیکن سنوارنے کی کوشش

کوئی نہیں کرتا۔

2384. Many friends, few helpers.

۲۳۸۳۔ کہنے کو تو دوست بہت لیکن وقت پڑے کوئی نہیں۔

2385. Many go out for clothes and come home stripped.

۲۳۸۴۔ گئے تو نماز بخشوانے روزے گلے پڑ گئے!

2386. Many get into a dispute well that cannot get out well.

۲۳۸۵۔ جھگڑے میں شامل ہونا آسان ہے لیکن نکلنا مشکل!

2387. Many hands make light work.

۲۳۸۶۔ بہت سے کرنے والے ہوں تو کام جلد ہو جاتا ہے۔

2388. Many man are wise about many things and are ignorant about themselves.

۲۳۸۷۔اوروں سے باخبر، خود سے بے خبر!

2389. Many kinsfolk, but few friends.

۲۳۸۸۔ رشتہ دار بہت لیکن سب مطلب کے۔

2390. Many kiss the hand they wish cut off.

۲۳۸۹۔ دل میں زہر زبان پر شہد!

2391. Many laws in a state are a bad sign.

۲۳۹۰- قوانین کی کثرت تکلیف دہ ثابت ہوتی ہے۔

2391. Many learn more than their teachers.

۲۳۹۱- گرو گڑھی ہے چیلے شکر ہو گئے۔

2392. Many lick before they bite.

۲۳۹۲- پہلے پیار، پیچھے مار۔

2393. Many littles make a mickle.

۲۳۹۳- کوڑی کوڑی کر کے خزانے خالی ہو جاتے ہیں۔

2394. Many men, many words.

۲۳۹۴- جتنے منہ اتنی باتیں!

2395. Many owe their fortunes to their enviers.

۲۳۹۵- بعض لوگوں کی ترقی کا سبب ان کے حاسد ہیں۔

2396. Many promises impair confidence.

۲۳۹۶- زیادہ وعدوں سے اعتبار جاتا رہتا ہے۔

2397. Many rendings need many mendings.

۲۳۹۷- بڑے نقصان کا بڑا علاج۔

2398. Many speak much that cannot speak well.

۲۳۹۸- باتونی عموماً بات کرنے کی تمیز سے ناآشنا ہوتا ہے۔

2399. *Many straws may bind an elephant.*

۲۳۹۹- اتفاق میں بڑی طاقت ہے۔

2400. *Many talk like philosophers and live like fools.*

۲۴۰۰- باتوں دھنی کاموں خوار۔

2401. *Many physians in a country is a sign of its bad condition.*

۲۴۰۱- جہاں طبیب زیادہ وہاں بیماری زیادہ!

2402. *Many will hate you if you love yourself.*

۲۴۰۲- خود پرستی سے سب نفرت کرتے ہیں۔

2403. *Many without punishment, none without sin.*

۲۴۰۳- اگر دنیا میں ہر گناہ گار کو سزا مل سکتی تو کوئی بھی نہ بچتا!

2404. *Many words hurt more than swords.*

۲۴۰۴- زبان کا گھاؤ تلوار سے بھی بڑھ کر ہوتا ہے۔

2405. *Many words will not fill the bushel.*

۲۴۰۵- کہیں گڑ کہنے سے بھی منہ میٹھا ہوا ہے؟

2406. *Many would have been worse if their estates had been better.*

۲۴۰۶- بہت سے اشخاص ایسے ہیں جن کی مالی حالت اگر بہتر ہوتی تو ان کی

اخلاقی حالت بد تر ہوتی۔

2407. Marriages are made in heaven.

۲۴۰۷۔ شادیاں آسمان پر ہوتی ہیں۔

2408. Marry above your match and you get a master.

۲۴۰۸۔ بڑے گھر پڑے میتھر ڈھوڈھو مرے۔

2409. Marry first and love will follow.

۲۴۰۹۔ شادی کے بعد محبت ہو ہی جاتی ہے۔

2410. Marry for love and work for siller.

۲۴۱۰۔ پیسے کی امید شادی سے نہ رکھ بلکہ مشقت سے۔

2411. Marry in haste and repent at leisure.

۲۴۱۱۔ جلدی کا نتیجہ ندامت ہے۔

2412. Marry your son when you will, your daughter when you can.

۲۴۱۲۔ بیٹے کی شادی جب چاہے کرو لیکن بیٹی کی شادی جس وقت کر سکتے ہو تاخیر نہ کرو۔

2413. Matchmakers often burn their fingers.

۲۴۱۳۔ خطرناک کام میں عموماً نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

2414. May difference of opinion never

alter friendship.

۲۴۱۴۔ اختلافِ رائے سے دوستی میں فرق کیوں پڑتے؟

2416. May it please God not to make our friends so happy as to forget us.

۲۴۱۶۔ بہت زیادہ خوشی میں لوگ اپنے دوستوں کو بھول جاتے ہیں۔

2416. May your shadow never grow less!

۲۴۱۶۔ خدا کرے تم ایسے ہی تندرست و توانا رہو!

2417. Measure is a merry mean.

۲۴۱۷۔ اعتدال اچھی چیز ہے۔

2418. Measure is treasure.

۲۴۱۸۔ میانہ روی بڑی دولت ہے۔

2419. Measure thrice before you cut once.

۲۴۱۹۔ کام کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لو۔

2420. Meat is good, but manners are better.

۲۴۲۰۔ ہنڈیا اگر کھلی ہو تو کم از کم کتے کو شرم چاہئے۔

2421. Medicine for the dead is indeed too late.

۲۴۲۱۔ موت کے بعد دوا سے کیا فائدہ؟

2422. Medlers are never good till they be rotten.

۲۴۲۲- کسی کو نصیحت کرو تو پوری ادھوری بات سے سراسر نقصان ہوتا ہے-

2423. Meed is strong.

۲۴۲۳- لیاقت کی قدر آخرکار ہو کر رہتی ہے- لیاقت میں زور ہے-

2424. Meekness is not weakness.

۲۴۲۴- حلیم طبع ہونا کمزوری نہیں!

2425. Memory is the treasure of mind.

۲۴۲۵- حافظہ دل کا خزانہ ہے-

2426. Men apt to promise are apt to forget.

۲۴۲۶- جتنا وعدہ کرنے میں تیز اتنا ہی بھول جانے میں تیز!

2427. Men are blind in their own cause.

۲۴۲۷- مطلب اندھا بنا دیتا ہے-

2428. Men are never wise but returning from law.

۲۴۲۸- مقدمہ کا فیصلہ ہونے کے بعد عقل آتی ہے-

2429. Men are not to be measured by inches.

۲۴۲۹- انسان کی قیمت قامت پر مبنی نہیں-

2430. Men are rare.

۲۴۳۰- آدمی ملتا ہے بہت مشکل سے!

2431. Men are very generous with what costs nothing.

۲۴۳۱- جہاں جیب کو آنچ نہ لگے وہاں سب فیاض-

2432. Men do not realise how great a revenue thrift is.

۲۴۳۲- لوگ نہیں سمجھتے کہ کفایت شعاری کتنی بڑی آمدنی ہے-

2433. Men go not laughing to heaven.

۲۴۳۳- آدمی ہنستے ہوئے نہیں مرتے-

2434. Men hate those they have hurt.

۲۴۳۴- انسان جس کو نقصان پہنچاتا ہے اسی سے نفرت کرتا ہے-

2435. Men make houses, women make homes.

۲۴۳۵- مرد مکان بناتا ہے، لیکن گھر بسانا عورت کا ہی کام ہے-

2436. Men of business must not break their words twice.

۲۴۳۶- کاروباری آدمیوں کو اپنی ساکھ کا خیال رکھنا چاہئے-

2437. Men rattle their chains to show that they are free.

۲۴۳۷-جو شخص اس بات کے اظہار میں کہ وہ آزاد ہیں خاص کوشش کرے اُن کو غلام سمجھنا چاہئے-

2438. Men rule the world, women rule

men.

۲۴۳۸- مرد دنیا پر حکومت کرتے ہیں اور عورتیں مردوں پر!

2439. Men speak of the fair, as things went with them there.

۲۴۳۹- ہر شخص دنیا کا آپ بیتی سے ہی اندازہ لگاتا ہے-

2440. Mendings are honourable, rags are abominable.

۲۴۴۰- مفلسی میں بے عزتی نہیں ہے لیکن گدائی باعث حقارت ہے-

2441. Mercy begets mercy.

۲۴۴۱- رحم سے رحم پیدا ہوتا ہے-

2442. Merry is the feast-making till we come to the reckoning.

۲۴۴۲- عیش میں مزا تب ہی ہے جب تک اس کا خمیازہ نہ بھگتنا پڑے-

2443. Metal shines with use.

۲۴۴۳- دھات استعمال سے چمکتی ہے-

2444. Mettle is dangerous in a blind horse.

۲۴۴۴- اندھے گھوڑے میں تندی خطرناک ہوتی ہے-

2445. Might is not always right.

۲۴۴۵۔ جس کی لاٹھی ہو ہمیشہ اس کی بھینس نہیں ہوتی۔

2446. Might is right.

۲۴۴۶۔ جس کی تیغ اس کی دیگ۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔

2447. Mills and wives ever want.

۲۴۴۷۔ چکی اور بیوی کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا۔

2448. Miracles are to those who believes in them.

۲۴۴۸۔ معجزے انہیں کے لئے جن کو ان پر اعتقاد ہوا۔

2449. Mirth and mischief are two things.

۲۴۴۹۔ مسرت شرارت سے جُداگانہ چیز ہے۔

2450. Misfortunes come on wings and depart on foot.

۲۴۵۰۔ مصیبت آتی تو ہاتھی کی چال ہے لیکن جاتی چیونٹی کی چال ہے۔

2451. Misfortunes is friendless.

۲۴۵۱۔ سیاہ بختی میں کب کوئی کسی کا ساتھ دیتا ہے؟

2452. Misfortunes never come singly.

۲۴۵۲۔ مصیبت کبھی تنہا نہیں آتی۔

2453. Misfortune overtook his first valour.

۲۴۵۳۔ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔

2454. Misunderstanding breaks head.

۲۴۵۴- سر پھٹول کا باعث غلط فہمی ہوتی ہے۔

2455. Moderation in all things.

۲۴۵۵- ہر بات میں اعتدال!

2456. Modest dogs miss much meat.

۲۴۵۶- جس نے کی شرم اس کے پھوٹے کرم!

2457. Modesty is the beauty of women.

۲۴۵۷- عورت کی خوبصورتی حیا پر مشتمل ہے۔

2458. Modesty is the citadel of beauty and of virtue.

۲۴۵۸- حیا حسن اور پاکدامنی کی محافظ ہے۔

2459. Modesty is useless to a man who is in want.

۲۴۵۹- شرم کرے تو بھوکا مرے۔

2460. Modesty is an ornament, yet people get on better without it.

۲۴۶۰- حیا زیور ہے لیکن لوگ اس کے بغیر اچھے رہتے ہیں۔

2461. Money borrowed is soon sorrowed.

۲۴۶۱- قرض جلد ہی باعث تکلیف بن جاتا ہے۔

2462. Money cures melancholy.

۲۴۶۲- زر سے اداسی جاتی رہتی ہے۔

2463. Money breeds money.

۲۴۶۳- روپے کو روپیہ کھینچتا ہے۔

2464. Money gains money, and not man's bones.

۲۴۶۴- بغیر روپے مشقت سے دولت حاصل نہیں ہوتی۔

2465. Money finds friends.

۲۴۶۵- روپے کی آشنائی ہے۔

2466. Money is a good servant but a bad master.

۲۴۶۶- زر خدمتگار اچھا لیکن آقا بُرا۔

2467. Money is blood and life to mortals.

۲۴۶۷- انسان کے لئے زر سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔

2468. Money is round and meant to roll.

۲۴۶۸- دولت ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے۔

2469. Money is the ruling spirit of all things.

۲۴۶۹- زر تو زر ہے اور سب خر ہے۔

2470. Money is the sinews of love as well as of war.

۲۴۷۰- زر کے بغیر نہ لڑائی میں کام چلتا ہے اور نہ محبت میں!

2471. Money lost, nothing lost, courage lost, much lost, honours lost, more

lost, soul lost, all lost.

۲۴۷۱- زر کا نقصان کچھ نقصان نہیں ہمت گئی تو بہت گیا اگر عزت گئی تو اور بھی زیادہ نقصان ہوا لیکن نیک و بد میں تمیز نہ رہی تو سمجھو کہ انسان کے پاس کچھ بھی باقی نہ رہا۔

2472. Money makes marriage.

۲۴۷۲- روپیہ سے ہی شادی ہوتی ہے۔

2473. Money makes the man.

۲۴۷۳- آدمی کی قدر روپے سے ہوتی ہے۔

2474. Money makes the mare go.

۲۴۷۴-دام کراوے کام۔

2475. Money ruins many.

۲۴۷۵- زر بہتوں کی تباہی کا باعث بنتا ہے۔

2476. Money often unmakes its makers.

۲۴۷۶- عموماً روپیہ، روپیہ اکٹھا کرنے والوں کو ہی تباہ کرتا ہے۔

2477. Money taken, freedom foresaken.

۲۴۷۷-پیسہ لیا نہیں اور غلام بنے!

2478. Money will do more than my lord's letter.

۲۴۷۸- سفارش کی نسبت روپے سے کیا کام نکلتا ہے۔

2479. More take than trouble.

۲۴۷۹- مصیبت تھوڑی- واویلا بہت!

2480. Moonlight follows the moon.

۲۴۸۰- جہاں گیا بنیا وہاں گیا بازار!

2481. More are slain by suppers than the sword.

۲۴۸۱- تلوار کی نسبت کھانے میں بداعتدالی بہت آدمیوں کی موت کا باعث ہوتی ہے-

2482. More die by food than famine.

۲۴۸۲- قحط کی نسبت حد سے زیادہ کھانے سے زیادہ لوگ مرتے ہیں-

2483. Morning shows the day.

۲۴۸۳- ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات!

2484. Much never cost little.

۲۴۸۴- زیادہ کی زیادہ قیمت!

2485. More grows in the garden than the gardener has sown.

۲۴۸۵- جتنا بیج بویا جاتا ہے فصل اس سے بھی زیادہ ہوتی ہے-

2486. More haste, less speed.

۲۴۸۶- کام میں جتنی جلدی کرو اتنی ہی دیر لگ جاتی ہے-

2487. More haste, worst speed.

۲۴۸۷- شتابی میں خرابی!

2488. More malice than matter.

۲۴۸۸- بلاوجہ کینہ!

2489. More die of drink than of thrist.

۲۴۸۹- پیاس سے اتنے نہیں مرتے جتنے پینے سے!

2490. More people admire the rising than the setting sun.

۲۴۹۰- ہر کوئی طلوع ہوتے ہوئے آفتاب کی پرستش کرتا ہے-

2491. More are drowned in the goblet than in the sea.

۲۴۹۱- سمندر کی نسبت پیالے میں زیادہ ڈوبتے ہیں-

2492. Most of our evils come from our vices.

۲۴۹۲- زیادہ تر خرابیاں ہمارے اپنے عیبوں سے ہی پیدا ہوتی ہیں!

2493. Mother's darlings make but milksop heroes.

۲۴۹۳- ماں کا لاڈلا چوہے سے ڈرنے والا بہادر نہ ہو گا تو کیا ہو گا؟

2494. Mouth of honey, heart of gall.

۲۴۹۴- منہ میں رام رام بغل میں چھری!

2495. Much ado about nothing.

۲۴۹۵- سوت نہ کپاس جلاہے سے لٹھم لٹھا!

2496. Much bran and little meal.

۲۴۹۶- بھوسی بہت آٹا تھوڑا!

2497. Much bruit little fruit.

۲۴۹۷- چرچا بہت کام ناقص!

2498. Much coin, much care.

۲۴۹۸- جتنی دولت اتنا ہی فکر!

2499. Much corn lies under the straw that's not seen.

۲۴۹۹- دور کے ڈھول سہانے۔

2500. Much cry, little wool.

۲۵۰۰- نام بڑا درشن چھوٹے۔

2501. Much industry and little conscience make a man rich.

۲۵۰۱- دولت مند بننے کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں محنت شاقہ اور بے ایمانی!

2502. Much law but little justice.

۲۵۰۲- قانون بہت انصاف تھوڑا۔

2503. Much religion, but no goodness.

۲۵۰۳- مذہب کا ڈھونگ، نیکی کا نام نہیں۔

2504. Much praying, but no piety.

۲۵۰۴- آٹھ پہر عبادت میں مصروف اور خدا ترسی نام کو نہیں۔

2505. Much water goeth by the mill that the miller knoweth not.

۲۵۰۵- بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ نزدیک ہوتے ہوئے بھی ہمیں ان کا پتہ نہیں لگتا!

2506. Much and money go together.

۲۵۰۶- جہاں زر وہاں بُرائی!

2507. Mud chokes no eels.

۲۵۰۷- مینڈکی کو بھی زکام ہوا ہے۔

2508. Muddy springs will have muddy streams.

۲۵۰۸- جیسے والدین ویسی اولاد۔

2509. Mules boast much that their ancestors were horses.

۲۵۰۹- پدرم سلطان بود۔

2510. Mum's the word.

۲۵۱۰- سب سے بُھلی چُپ!

2511. Murder will out.

۲۵۱۱- خون چُھپائے نہیں چُھپتا!

2512. Music the fiercest grief can charm.

۲۵۱۲- راگ رنج کو بھلاتا ہے۔

2513. Music will not cure the toothache.

۲۵۱۳- راگ سے دکھ درد نہیں مٹتا!

2514. Must is a hard nut, but it has a

sweet kernel.

۲۵۱۴- فرض بے حد ناخوشگوار ہے لیکن اس کا پھل شیریں ہوتا ہے-

2515. Mustard is a good sauce but mirth is better.

۲۵۱۵- مسرت سے بڑھ کر کوئی شے نہیں-

2516. Mutual help is the law of nature.

۲۵۱۶- ایک دوسرے کی مدد کرنا آئین قدرت ہے-

2517. My life is strife.

۲۵۱۷- زندگی جدوجہد کا دوسرا نام ہے-

2518. My son is my son till he gets him a wife, but my daughter is my daughter for all her life.

۲۵۱۸- بیٹے کی شادی ہوئی اور ہاتھ سے گیا لیکن بیٹی کو شادی کے بعد بھی والدین سے محبت رہتی ہے-

2519. My tunic is nearer to me than my matul.

۲۵۱۹- اپنا اپنا ہے پرایا پرایا!

N

2520. Nature abhors a vacuum.

۲۵۲۰- قدرت خلا کو پسند نہیں کرتی- بیکار زندگی سب سے بُری-

2521. Nature does not make a leap.

۲۵۲۱- قدرت کا کام آہستہ آہستہ ہوتا ہے-

2522. Nature does nothing in vain.

۲۵۲۲- قدرت کا کوئی کام فائدہ سے خالی نہیں-

2523. Nature has given us live, at interest, like money, no day being fixed for its return.

۲۵۲۳- قدرت نے ہم کو زندگی روپیہ کی طرح سود پر دی ہوئی ہے لیکن اس کی واپسی کا کوئی دن مقرر نہیں!

2524. Nature has given to every man the power of being happy, if he but knew how to use it.

۲۵۲۴- قدرت نے ہر شخص کو خوش رہنے کی طاقت بخشی ہے بشرطیکہ اسے یہ معلوم ہو کہ اس طاقت کو استعمال کیسے کیا جائے!

2525. Nature is beyond all teaching.

۲۵۲۵- قدرت کو کون سکھائے؟

2526. Nature made him and then broke the mould.

۲۵۲۶- ایک آدمی دوسرے سے نہیں ملتا-

2527. Nature never meant us for play and

pleasure.

۲۵۲۷- انسان صرف عیش و عشرت کرنے کے لئے نہیں پیدا کیا گیا!

2528. Nature passes nature.

۲۵۲۸- قدرت کی بوقلمونی حد بیان سے باہر ہے۔

2529. Natural folly is bad enough, but learned folly is beyond toleration

۲۵۲۹- قدرتی بیوقوفی قابل برداشت ہے لیکن پڑھے لکھے بیوقوف سے خدا بچائے!

2530. Nearest is dearest.

۲۵۳۰- سب سے قریب، سب سے عزیز!

2531. Nearest the heart, nearest the mouth.

۲۵۳۱- جو بات دل میں ہو وہ ضرور زبان پر آتی ہے۔

2532. Nearest the king, nearest the strife.

۲۵۳۲- جسے شاہ کی قربت ملے وہ لڑائی سے دور نہیں رہ سکتا۔

2533. Necessity and opportunity may make a coward valiant.

۲۵۳۳- ضرورت اور موقع بزدل کو بھی بہادر بنا سکتے ہیں۔

2534. Necessity hath no law.

۲۵۳۴- ضرورت میں سب روا ہے۔

2535. Necessity is a violent

schoolmistress.

۲۵۳۵- ضرورت سخت استاد ہے۔

2536. Necessity is a hard weapon.

۲۵۳۶- ضرورت سخت ہتھیار ہے۔

2537. Necessity is the mother of invention.

۲۵۳۷- ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔

2538. Necessity knows no law.

۲۵۳۸- ضرورت کے وقت انسان کسی قانون کی پرواہ نہیں کرتا۔

2539. Necessity never made a bad bargain.

۲۵۳۹- ضرورت میں کوئی چیز مہنگی نہیں پڑتی!

2540. Necessity sharpens intellect.

۲۵۴۰- ضرورت دماغ کو تیز کر دیتی ہے۔

2541. Necessity teaches art.

۲۵۴۱- ضرورت سارے فن سکھا دیتی ہے۔

2542. Need makes the naked man run.

۲۵۴۲- مرتا کیا نہ کرتا؟

2543. Needs must when the devid drives.

۲۵۴۳- ضرورت میں سب کچھ جائز ہے۔

2544. Neglect will sooner kill an injury

than revenge.

۲۵۴۴- بدلہ لینے کی نسبت نقصان کی پرواہ نہ کرنا بہتر ہے۔

2545. Neither beg of him who has been a beggar, nor serve him who has been a servant.

۲۵۴۵- جو فقیر رہ چکا اس سے مت مانگو اور جو نوکر رہ چکا ہو اس کی نوکری مت کرو!

2546. Neither bribe nor lose thy right.

۲۵۴۶- نہ رشوت دو اور نہ اپنا حق چھوڑو!

2547. Neither crow nor croak.

۲۵۴۷- نہ روؤ نہ بڑبڑاؤ!

2548. Neither fear your last day, nor desire it.

۲۵۴۸- نہ موت سے ڈرو نہ اس کی خواہش کرو!

2549. Neither fish, nor flesh, nor good red herring.

۲۵۴۹- نہ کام کے نہ کاج کے!

2550. Neither fish nor fowl.

۲۵۵۰- آدھا تیتر آدھا بٹیر!

2551. Neither lead nor drive.

۲۵۵۱- نہ آگے چلو نہ دوسروں کو لے جاؤ!

2552. *Neither marry nor buy an old beast.*

۲۵۵۲- نہ بڑھیا سے شادی کرو نہ بوڑھا جانور خریدو۔

2553. *Neither praise nor dispraise thyself, thy actions serve the turn.*

۲۵۵۳- نہ اپنی برائی کرو اور نہ تعریف تمہارے کام تمہاری بجائے سب کچھ کہہ دیں گے۔

2554. *Neither to seek nor to despise honour.*

۲۵۵۴- نہ تو عزت کی تحقیر کرو اور نہ عزت کے پیچھے بھاگو۔

2555. *Neither will the wave which has passed be called back; nor can the hour which has gone be return.*

۲۵۵۵- گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا۔

2556. *Neither seek beyond your limits.*

۲۵۵۶- حیثیت سے باہر قدم رکھنا بُرا ہے۔

2557. *Neither wise men nor fools can work without tools.*

۲۵۵۷- اوزاروں کے بغیر چاہے عقلمند ہو یا بیوقوف کوئی کچھ نہیں کر سکتا!

2558. *Neither good nor bad can exist separately.*

۲۵۵۸- نیکی اور بدی ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔

2559. Neither can a stream stay its course, nor the fleeting hour.

۲۵۵۹- گزرتے ہوئے وقت اور بہتے ہوئے دریا کو کون روک سکتا ہے؟

2560. Neither head nor feet.

۲۵۶۰- نہ سر نہ پیر- بے سروپا!

2561. Never a rose without a thorn.

۲۵۶۱- پھول کے ساتھ کانٹے ضرور آتے ہیں!

2562. Never be ashamed to eat your meat.

۲۵۶۲- کھانے میں کیا شرم!

2563. Never be weary of doing good.

۲۵۶۳- بھلائی سے نہ چوکو-

2564. Never bolt your door with a boiled carrot.

۲۵۶۴- کچا کام کبھی مت کرو-

2565. Never burn your fingers to snuff another man's candle.

۲۵۶۵- دوسرے کے فائدے کے لئے اپنا نقصان مت کرو!

2566. Never buy a pig in a poke.

۲۵۶۶- بغیر اچھی طرح دیکھے بھالے کوئی چیز نہ خریدو-

2567. Never carry two faces under one hood.

۲۵۶۷- دو رنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا۔

2568. Never do things by halves.

۲۵۶۸- ادھورا کام کبھی مت کرو!

2569. Never feel shy to eat your own meat.

۲۵۶۹- اپنی روکھی سوکھی کھانے میں کیا شرم!

2570. Never give advice unasked.

۲۵۷۰- بغیر مانگے نصیحت نہ کرو!

2571. Never grudge a penny for a penny-worth.

۲۵۷۱- پیسے کا کام دھیلے سے نہیں نکلتا۔

2572. Never hang a man twice for one offence.

۲۵۷۲- ایک ہی جرم کے لئے دوبارہ سزا مت دو۔

2573. Never have an idle hour, nor an idle pound.

۲۵۷۳- فالتو وقت اور فالتو پیسہ کبھی اپنے پاس نہ رکھو!

2574. Never hit a man when he's down.

۲۵۷۴- مرے کو مارنا بہادری نہیں!

2575. Never hold a candle to the devil.

۲۵۷۵- بُرے کے ساتھ کبھی نیکی نہ کرو۔

2576. *Never howl till you are hit.*

۲۵۷۶- قبل از مرگ واویلا!

2577. *Never look a gift horse in the mouth?*

۲۵۷۷- مفت کی گائے کے دانت کون دیکھتا ہے؟ مفت راچہ گفت-

2578. *Never is there either work without reward, or reward without work.*

۲۵۷۸- محنت کا صلہ ضرور ملتا ہے اور صلہ بغیر محنت کے نہیں ملتا-

2579. *Never meet trouble half-way.*

۲۵۷۹- مصیبت کے استقبال کے لئے تیار نہ رہو-

2580. *Never pleasure without repentance.*

۲۵۸۰- توبہ کے بغیر سکونِ قلب نہیں ملتا!

2581. *Never pry into another's secrets; and that which has been entrusted to you, keep to yourself.*

۲۵۸۱- دوسرے کے راز جاننے کی کوشش نہ کرو، لیکن اگر تمہیں کسی نے رازدان بنالیا ہے تو اس کا راز اپنے تک رکھو!

2582. *Never put off till tomorrow what may be done today.*

۲۵۸۲- آج کا کام کل پر مت ڈالو!

2583. *Never refuse a good offer.*

۲۵۸۳- اچھے موقع کو کبھی ہاتھ سے نہ جانے دو!

2584. Never say die.

۲۵۸۴- آدمی کو چاہئے کبھی ہمت نہ ہارے!

2585. Never shirk the hardest work.

۲۵۸۵- سخت سے سخت کام خوشی سے کرنا واجب ہے-

2586. Never swap horses while crossing the stream.

۲۵۸۶- موقع پر گدھے کو بھی باپ بنا لیتے ہیں-

2587. Never too old to learn; never too late to turn.

۲۵۸۷- بڈھا ہوا اور سیکھ!

2588. Never trouble yourslef with trouble till trouble troubles you.

۲۵۸۸- مار پڑنے سے پہلے مت دو!

2589. Never try to prove what nobody doubts.

۲۵۸۹- ہاتھ کنگن کو آرسی کیا؟

2590. Never was strumpet fair.

۲۵۹۰- بے عصمت کا حسن کیا؟

2591. Never write what you dare not sign.

۲۵۹۱- جس کام کی ذمہ داری نہیں لینا چاہتے وہ کام مت کرو-

2592. New brooms sweep clean.

۲۵۹۲- نیا نو دن پرانا سو دن!

2593. New things are fair.

۲۵۹۳- نئی سو پیاری!

2594. New griefs awakens the old.

۲۵۹۴- نئی مصیبت پرانے غموں کی یاد ترو تازہ کر دیتی ہے-

2595. New laws, new frauds.

۲۵۹۵- نئے قانون نئے دھوکے-

2596. New lords, new laws.

۲۵۹۶- جو آتا ہے اپنا ہی سکہ چلاتا ہے-

2597. Next to no wife, a good wife is best.

۲۵۹۷- یا تو بیوی اچھی ہو ورنہ مجرد ہی بھلے!

2598. Night is the mother of thoughts.

۲۵۹۸- رات کو خیالات پیدا ہوتے ہیں-

2599. Nine tailors make a man.

۲۵۹۹- لباس سے آدمی کی زینت ہے-

2600. No accidents are so, unlucky, but that the prudent may draw some advantage from them.

۲۶۰۰- دور اندیش انسان بُرے سے بُرے حادثے سے بھی کچھ نہ کچھ فائدہ اٹھا سکتا ہے-

2601. No alchemy to saving or frugality.

۲۶۰۱- کفایت شعاری اصلی کیمیا ہے-

2602. No answer is also an answer.

۲۶۰۲- خموشی نیم رضا!

2603. No author is a man of genius to his own publisher.

۲۶۰۳- گھر کا جوگی جوگنا- باہر کا جوگی سدھ!

2604. No autumn fruit without spring blossom.

۲۶۰۴- سہج پکے سو میٹھا ہو!

2605. No butter will stick to my bread.

۲۶۰۵- میرا کوئی بھی کام ٹھیک نہیں ہوتا-

2606. No body can stand too much in awe of himself.

۲۶۰۶- ضمیر سے جتنا بھی ڈرو تھوڑا ہے-

2607. No carrion will kill a crow.

۲۶۰۷- مردار کھائے سے کوا نہیں مرتا-

2608. No choice amongst stinking fish.

۲۶۰۸- سب ایک سمان تو چھانٹنا کیا؟

2609. No churchyard is so handsome that a man would desire straight to be

buried there.

۲۶۰۹۔ کوئی بھی قبرستان اس قدر خوبصورت نہیں کہ اس کو دیکھ کر انسان کا دل مرنے کو چاہے۔

2610. No corn without chaff.

۲۶۱۰۔ بھوسے بغیر اناج نہیں!

2611. No crime is founded upon reason.

۲۶۱۱۔ کوئی بھی عقل پر مبنی نہیں۔

2612. No cross, no crown.

۲۶۱۲۔ کام بغیر دام نہیں!

2613. No cut to unkindness.

۲۶۱۳۔ بے رحمی سے بدتر کوئی چیز نہیں!

2614. No day passeth without something we wish not.

۲۶۱۴۔ ہر روز کچھ نہ کچھ ناخوشگوار ہو کر ہی رہتا ہے۔ دنیا میں ہر بات ہماری پسند کی نہیں ہو سکتی!

2615. No deity stands by the idle.

۲۶۱۵۔ سست کا کوئی حامی نہیں!

2616. No dish pleases all plates alike.

۲۶۱۶۔ ایک ہی چیز سب کو نہیں بھاتی!

2617. No evil man is happy.

۲۶۱۷- بدی اور خوشی کا بیر ہے!

2618. No fence against a flail.

۲۶۱۸- زبردست کا ٹھینگا سر پر!

2619. No folly to being in love.

۲۶۱۹- محبت سے بڑھ کر کونسا جرم ہے؟

2620. No fool like an old fool.

۲۶۲۰- بوڑھے بیوقوف سے بڑھ کر کوئی بیوقوف نہیں۔

2621. No friend like the penny.

۲۶۲۱- پیسے برابر کوئی نہ میت!

2622. No gain without pain.

۲۶۲۲- تکلیف کے بغیر آرام کہاں؟

2623.. No greater promises than those who have nothing to give.

۲۶۲۳- جس کے پاس دینے کو کچھ نہیں اس کا دعویٰ کرنے میں کیا حرج ہوتا ہے۔

2624. No halting before a cripple.

۲۶۲۴- خدا کی مار کے برابر کوئی مار نہیں!

2625. No honest man ever repented of his honesty.

۲۶۲۵- دیانتداری کر کے آج تک کسی دیانتدار کو پچھتانا نہیں پڑا۔

2626. No joy without alloy.

۲۶۲۶- دکھ بغیر سکھ کہاں؟ سکھ کے ساتھ دکھ لگا ہے-

2627. No just man ever became rich all at once.

۲۶۲۷- کوئی منصف مزاج آدمی کبھی یکایک دولتمند نہیں بنا!

2628. No life without pain.

۲۶۲۸- دکھ سے کون بچا ہے؟

2629. No living man all things can.

۲۶۲۹- دنیا کا کام کس نے کیا تمام.

2630. No love without a rival.

۲۶۳۰- محبت میں رقیب ضرور پیدا ہو جاتا ہے-

2631. No man can please all the world and his father.

۲۶۳۱- سب کو خوش کرنا ناممکن ہے-

2632. No man can be happy without a friend, nor be sure of his friend till he is unhappy.

۲۶۳۲- دوست کے بغیر خوشی حاصل نہیں ہو سکتی اور جب تک مصیبت نہ پڑے دوست کا پتہ نہیں لگتا!

2633. No man can sup and blow at once.

۲۶۳۳- ایک وقت میں دو کام نہیں ہو سکتے-

2634. No man can see over his own

height.

۲۶۳۴- کوئی شخص اپنی حیثیت سے باہر کام نہیں کر سکتا۔

2635. No man can serve two masters.

۲۶۳۵- دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔

2636. No man cries stinking fish.

۲۶۳۶- اپنی چھاچھ کو کون کھٹا کہتا ہے؟

2637. No man ever thought his own two much.

۲۶۳۷- اپنی دولت کو کوئی بھی زیادہ نہیں سمجھتا۔

2638. No man has a lease of life.

۲۶۳۸- زندگی کا ٹھیکہ لے کر کوئی نہیں آیا!

2639. No man has blessings which last for ever.

۲۶۳۹- دنیا میں خوش نصیبی ہمیشہ کسی کا ساتھ نہیں دیتی!

2640. No man is a good physician who has never been sick.

۲۶۴۰- جو خود کبھی بیمار نہ ہوا ہو وہ دوسروں کا علاج کیسے کر سکتا ہے؟

2641. No man is always wise, except a fool.

۲۶۴۱- کوئی شے ہمیشہ دولت نہیں رہتی۔

2642. No man is good unless others are

made better by him.

۲۶۴۲- وہ اچھا کیا جس سے دوسروں کو فائدہ نہ پہنچے؟

2643. No man loves the bearer of ill-tidings.

۲۶۴۳- بری خبر لانے والا کسی کو اچھا نہیں لگتا!

2644. No man is born wise or learned.

۲۶۴۴- علم یا عقل کوئی ماں کے پیٹ سے لے کر نہیں آتا۔

2645. No man is indispensable.

۲۶۴۵- کوئی ہو کام سب کے بغیر چل جاتا ہے۔

2646. No man is so old but he thinks he will live one year.

۲۶۴۶- جب تک سانس تب تک آس۔

2647. No man is the worse for knowing the worst of himself.

۲۶۴۷- اپنے عیبوں کو جاننے سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا!

2648. No man is without enemies.

۲۶۴۸- دنیا میں کس کے دشمن نہیں؟

2649. No man should so act as to make a gain out of the ignorance of another.

۲۶۴۹- دوسرے کی جہالت سے فائدہ نہیں اٹھانا چاہئے۔

2650. No matter how much you feed a wolf he will always return to the forest.

۲۶۵۰- سانپ کو جتنا مرضی دودھ پلاؤ وہ توڈسے گا ہی!

2651. No money, no Swiss.

۲۶۵۱- روپیہ کے بغیر سامان آرام کہاں؟

2652. No more deadly pest has been given to men by nature than sensual pleasure.

۲۶۵۲- مہلک ترین وبا نفسانی خواہشات ہیں۔

2653. No smoke without fire.

۲۶۵۳- آگ نہ ہو تو دھواں کہاں سے آئے؟

2654. No news is good news.

۲۶۵۴- کوئی خبر نہ آئے تو سمجھ لو کہ سب خیریت ہے۔

2655. No offence is taken when none is meant.

۲۶۵۵- نیت بُری نہ ہو تو دوسرے کو بھی بُرا معلوم نہیں ہوتا!

2656. No one become thoroughly bad all at once.

۲۶۵۶- برائی آہستہ آہستہ جڑ پکڑتی ہے۔

2657. No one can escape death.

۲۶۵۷- موت سے کون بچ سکا ہے؟

2658. No one claims kindred with the poor.

۲۶۵۸- امیر کے سب سالے غریب کا کوئی بہنوئی بھی نہیں-

2659. No one can eat gold fish.

۲۶۵۹- زر کھایا نہیں جا سکتا!

2660. No one attains the highest position by being faint-hearted.

۲۶۶۰- کمزور دل کبھی بڑے رتبے پر پہنچتے نہیں دیکھا گیا!

2661. No one can rule except one who can be ruled.

۲۶۶۱- جو فرماں برداری کر سکتا ہے وہی حکومت کرنے کے قابل ہے-

2662. No one can strip a naked person.

۲۶۶۲- ننگی کیا نہائے گی- کیا نچوڑے گی؟

2663. No one gives what he has not.

۲۶۶۳- دے تو وہ جس کے پاس ہو!

2664. No one has died miserably who has lived well.

۲۶۶۴- جو اچھی طرح جیا ہو اس کی موت بری نہیں ہو سکتی!

2665. No one is born for himself.

۲۶۶۵- اپنے لئے کوئی پیدا نہیں ہوتا انسان دوسروں کے لئے پیدا ہوتا

ہے۔

2666. *No one is bound by what is impossible.*

۲۶۶۶- ناممکنات کسی کو باندھ نہیں سکتیں۔

2667. *No one is born without fault; he is best who is beset by least.*

۲۶۶۷- بے عیب ذات کس کی ہے؟ وہی سب سے اچھا ہے جس میں سب کم عیب ہوں؟

2668. *No one is more profoundly sad than he who laughs too much.*

۲۶۶۸- جو زیادہ ہنستا ہے وہی زیادہ روتا ہے۔

2669. *No one is more a slave than he who wrongly thinks himself free.*

۲۶۶۹- اس غلام سے بڑھ کر کوئی غلام نہیں جو خود کو آزاد سمجھتا ہوں۔

2670. *No one ought to be a judge in his own case.*

۲۶۷۰- اپنے معاملہ میں خود ہی قاضی نہیں بننا چاہئے!

2671. *No one is punished for another man's crime.*

۲۶۷۱- سب اپنا کیا بھوگتے ہیں!

2672. *No one testifying to his own*

baseness should be listened to.

۲۶۷۲- جو شخص اپنی برائی خود کرے اس کی بات مت سنو!

2673. No one is to be despaired of as long as he lives.

۲۶۷۳- جب تک سانس تب تک آس!

2674. No one is wise by himself.

۲۶۷۴- عقل دوسرے ہی سکھاتے ہیں-

2675. No one knows where the shoe pinches but he who wears it.

۲۶۷۵- جس تن لاگے وہی جانے!

2676. No one mortal is there whom sorrow and disease touch not.

۲۶۷۶- مصیبت اور بیماری کس پر نہیں پڑتی!

2677. No one was ever ruined by speaking the truth.

۲۶۷۷- سچ کہنا بالآخر نفع بخش ثابت ہوتا ہے-

2678. No pains, no gains.

۲۶۷۸- سیوا بن میوا کہاں؟

2679. No pains, no prize.

۲۶۷۹- کام بن دام نہیں!

2680. No part of life can be free from

duty.

۲۶۸۰- ہر حصہ زندگی کے ساتھ خاص فرائض وابستہ ہیں۔

2681. No profit to honour, no honour to religion.

۲۶۸۱- دنیاوی فائدہ عزت کے مقابلے میں ہیچ ہے اور عزت ایمان کے مقابلے میں!

2682. No priestling, small though he may be, but wishes some day pope to be.

۲۶۸۲- چھوٹے سے چھوٹے آدمی کو بھی ایک دن بڑا بننے کی اُمید ہوتی ہے۔

2683. No religion but can boast of its martyrs.

۲۶۸۳- ہر ایک مذہب میں شہید ہوتے ہیں۔

2684. No remedies cause so much pain as those which are most efficacious.

۲۶۸۴- دوا جس قدر کڑوی اتنی ہی اچھی!

2685. No road is long with good company.

۲۶۸۵- ہم سفر اچھے ہوں تو سفر آسانی سے طے ہو جاتا ہے۔

2686. No tale so good but may be spoiled

in telling.

۲۶۸۶- کام اچھے سے اچھا کیوں نہ ہو اگر ٹھیک طریقے سے نہ کیا جائے تو خراب ہو جائے گا۔

2687. No time was ever suitable in all points.

۲۶۸۷- اگر کام کرنے سے پہلے تمام نقائص کو رفع کرنے کی کوشش کی جائے تو دنیا میں کوئی کام کبھی شروع ہی نہ ہو۔

۲۹۸۶- اوچھے ہاتھ کٹوزا آیا پن پن پی آپھر گیا

2987. Set a thief to catch a thief.

۲۹۸۷- چور کو چور پکڑتا ہے۔

2988. Set forth the praises of your friends rather than your own.

۲۹۸۸- اپنی تعریف کی بجائے اپنے دوستوں کی تعریف کرو۔

3189. Set good against evil.

۳۱۸۹- بدی کے بدلے نیکی کرو۔

2990. Set hard heart against hard hap.

۳۱۹۰- مصیبت میں گھبرانا روا نہیں۔

3191. Set not your loaf in till the oven's hot.

۳۱۹۱- موقع دیکھ کر کام شروع کرنا چاہیئے۔

3192. Seven may be company, but nine are confusion.

۳۱۹۲- بہت سے آدمی ہوں تو گڑبڑ ہو جاتی ہے-

3193. Seven shepherds spoil a flock.

۳۱۹۳- دو ملاؤں میں مرغی حرام!

3194. Shake some other oak.

۳۱۹۴- یہاں تمہاری دال نہیں گلے گی-

3195. Shallow waters make most din.

۳۱۹۵- کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا-

3196. Shallow brooks are noisy.

۳۱۹۶- تھوتھا چنا باجے گھنا-

3197. Shame is worse than death.

۳۱۹۷- نکٹا جیا بُرے حال-

3198. Ships fear fire more than water.

۳۱۹۸- جہازوں کو پانی کی نسبت آگ سے زیادہ ڈر لگتا ہے-

3199. Shod in the cradle, barefoot in the stubble.

۳۱۹۹- گھر بار چنگی تہوار بار ننگی-

3200. Shoemakers' wives are worst shod.

۳۲۰۰- چمار کی جورو ٹوٹی جوتی-

3201. Short and sweet.

۳۲۰۱- تھوڑی چیز ہمیشہ لذیذ لگتی ہے-

3202. Short boughs, long vintage.

۳۲۰۲- چھوٹی شاخ زیادہ پھل-

3203. Short follies are best.

۳۲۰۳- بیوقوفی وہ اچھی جو تھوڑا عرصہ رہے-

3204. Short pleasure, long lament.

۳۲۰۴- تھوڑا سکھ زیادہ دُکھ!

3205. Short prayers reach heaven.

۳۲۰۵- صدقِ دل سے نکلے چند الفاظ خدا کی بارگاہ میں پہنچتے ہیں-

3206. Short neckonings make long friends.

۳۲۰۶- حساب پاک دوستی برقرار-

3207. Short shooking loses the game.

۳۲۰۷- پوری کوشش نہ کرنے سے کام بگڑ جاتا ہے-

3208. Show me a liar and I will show thee a thief.

۳۲۰۸- تو میرا راز ظاہر کرے گا تو میں تیرا راز ظاہر کردوں گا- تو سیر میں سوا سیر-

3209. Show me a man without a spot and I'll show you a maid without fault.

۳۲۰۹- دنیا میں مرد عورت کوئی بھی عیب سے پاک نہیں-

3210. Shun the companionship of the tiger.

۳۲۱۰- طاقتور کی دوستی اچھی نہیں ہوتی-

3211. Sickness is better than sadness.

۳۲۱۱- غمگینی سے بیماری بھلی-

3212. Sickness tells us what we are.

۳۲۱۲- مصیبت میں بہت سی حقیقتیں آشکار ہو جاتی ہیں-

3213. Silence answers much.

۳۲۱۳- خاموشی بہت سی باتوں کا جواب ہے-

3214. Silence gives consent.

۳۲۱۴- الخاموشی نیم رضا!

3215. Silence is a friend that will never betray.

۳۲۱۵- خاموشی ایک ایسا دوست جو کبھی دغا نہیں کرتا-

3216. Silence doth seldom harm.

۳۲۱۶- خاموشی سے کبھی نقصان نہیں پہنچتا-

3217. Silence is the best ornament of women.

۳۲۱۷- خاموشی عورت کا سب سے بڑھیا زیور ہے-

3218. Silly dogs are more angry with the stone than with the hand that flung it.

۳۲۱۸- بیوقوف آدمی پتھر پھینکنے والے کی نسبت پتھر سے زیادہ ناراض

ہوتے ہیں۔

3219. Similarity is the mother of friendship (or affection.)

۳۲۱۹۔ مشابہت دوستی (یا محبت) کی ماں ہے۔

3220. Simple is the language of truth.

۳۲۲۰۔ سچائی میں ہیر پھیر نہیں ہوتے۔

3221. Silver is less valuable than gold and gold than virtue.

۳۲۲۱۔ سونے سے چاندی اور نیکی سے سونے کی قیمت کم ہے۔

3222. Singularity always seems to have a spice of arrogancy.

۳۲۲۲۔ جس میں کوئی خصوصیت ہو اس میں تھوڑا سا غرور ضرور ہوتا ہے۔

3223. Sink or swim.

۳۲۲۳۔ یا ڈوبا یا تیرا!

3224. Sin and sorrow are constant companions.

۳۲۲۴۔ گناہ اور افسوس سدا کے ساتھی ہیں۔

3225. Sin is sin, whether it be seen or no.

۳۲۲۶۔ گناہ گناہ ہے خواہ کوئی دیکھنے والا ہو یا نہ ہو۔

3226. Sin makes ugly.

۳۲۲۶۔ گناہ بدشکل بنا دیتا ہے!

3227. Since that cannot be done which you wish, wish that which can be done.

۳۲۲۷۔ اگر تمہیں وہ چیز نہیں مل سکتی جس کی تم خواہش کرتے ہو تو ایسی چیز کی خواہش کرو جو تمہیں مل سکتی ہے۔

3228. Sin is sweetest.

۳۲۲۹۔ چوری کا گڑ میٹھا!

3229. Since he cannot be revenged on the ass he falls upon the back saddle.

۳۲۳۰۔ کمہار پر بس نہ چلے گدھے کے کان اینٹھے!

3230. Sins and debts are always more than we think than to be.

۳۰۳۰۔ اپنا گناہ اور اپنا قرض ہر شخص کو اصل سے تھوڑا لگتا ہے۔

3231. Sit in your place and none can make you rise.

۳۲۳۱۔ اگر اپنی حیثیت کی جگہ بیٹھو گے تو تمہیں کوئی نہیں اٹھا سکتا۔

3232. Skill is stronger than strength.

۳۲۳۲۔ طاقت سے مہارت بڑھ کر ہے۔

3233. Slander flings stones of itself.

۳۲۳۳۔جو دوسروں کو بدنام کرتا ہے آپ بھی چوٹ سے بچا نہیں رہتا۔

3234. Slander leaves a score behind it.

۳۲۳۴-بدنامی کا دھبا نہیں مٹتا۔

3235. Slaves of the rich are slaves indeed.

۳۲۳۵- امیروں کے غلام واقعی غلام ہیں۔

3236. Sleep is better than medicine.

۳۲۳۶- نیند سے بہتر کوئی دوا نہیں۔

3237. Sloth makes all things difficult, but industry all easy.

۳۲۳۷- کاہلی سب کاموں کو مشکل بنا دیتی ہے اور مشقت آسان۔

3238. Slow and steady wins the race.

۳۲۳۸- سہج پکے سو میٹھا ہووے۔

3239. Slow and sure.

۳۲۳۹- استقلال والا آہستہ چل کر بھی بازی لے جاتا ہے۔

3240. Slow help is no help.

۳۲۴۰- جو مدد دیر سے پہنچے اس مدد سے کیا فائدہ؟

3241. Sluggards are never great scholars.

۳۲۴۱- کاہلی اور علم کا بیر ہے۔

3242. Small fish are better than none.

۳۲۴۲- ان ہوت سے ہوت بھلی۔

3243. Small beginnings make great endings.

۳۲۴۳- چھوٹا آغاز بڑا انجام!

3244. Small cost and great show.

۳۲۴۴- کم خرچ بالا نشیں!

3245. Slight means, great effect.

۳۲۴۵- ہینگ لگے نہ پھٹکڑی رنگ چوکھا آئے-

3246. Small faults let in greater ones.

۳۲۴۶- چھوٹے عیبوں سے بڑے عیب پیدا ہو جاتے ہیں-

3247. Small people love to talk of great people.

۳۲۴۷- چھوٹوں کو بڑوں کی بابت باتیں کرنے کا مرض ہوتا ہے-

3248. Small profits and quick returns.

۳۲۴۸- تھوڑا منافع اور زیادہ بکری-

3249. Small rain allays a great wind.

۳۲۴۹- تھوڑی سی بارش آندھی کو بند کر دیتی ہے-

3250. Small town, great renown.

۳۲۵۰- نام بڑا درشن چھوٹے-

3251. Small wit, great boast.

۳۲۵۱- چھوٹا منہ بڑی بات-

3252. Smooth words make smooth ways.

۳۲۵۲- زبان شیریں ملک گیری!

3253. So many countries, so many

customs.

۳۲۵۳- ہر ملک کے رسم و رواج الگ الگ ہوتے ہیں۔

3254. So many men in court, and so many strangers.

۳۲۵۴- راج دربار میں ہر شخص کو اپنی اپنی پڑی رہتی ہے۔

3255. So many men, so many opinions.

۳۲۵۵- جتنے منہ اتنی باتیں۔

3256. So much is mine as I enjoy and give away for God's sake.

۳۲۵۶- اپنا تو اتنا ہی ہے جتنا استعمال میں آئے اور راہِ خدا میں دیا جائے۔

3257. Society moulds men.

۳۲۵۷- خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔

3258. Soft and fair goes far.

۳۲۵۸- اچھی اور میٹھی باتوں سے بہت کام نکلتے ہیں۔

3259. Soft words break no bones.

۳۲۵۹- میٹھا بول کسی کو نقصان نہیں پہنچاتا۔

3260. Soft (or good or fair) words butter no parsnips.

۳۲۶۰- میٹھی باتوں سے پیٹ نہیں بھرتا۔

3261. Soft words win hard hearts.

۳۲۶۱- میٹھا بولنا سنگ دلوں کو بھی موم کر دیتا ہے۔

3262. Solid worth is not sullied by slander.

۳۲۶۲- خاک ڈالنے سے کہیں چاند چھپتا ہے-

3263. Solitude is often the best society.

۳۲۶۳- اکثر خلوت ہی جلوت سے بڑھ کر ہوتی ہے-

3264. Some are athiests only in fair weather.

۳۲۶۴- جب سر پر پڑتی ہے تو منکروں کو بھی خدا یاد آجاتا ہے-

3265. Some evils are cured by contempt.

۳۲۶۵- بعض مصیبتیں پرواہ نہ کرنے سے ہی ٹل جاتی ہیں-

3266. Some had rather lose their friend than their jest.

۳۲۶۶- بعض اشخاص کو دوستوں کی نسبت مذاق زیادہ پیارا ہوتا ہے-

3267. Some have been thought brave beacuse they were afraid to run away.

۳۲۶۷- بھاگ سکے نہیں بہادروں میں نام ہو گیا-

3268. Some men are wise and some are otherwise.

۳۲۶۸- کوئی بیوقوف کوئی عقلمند- دنیا میں روپ روپ کے آدمی ہیں-

3269. Some men go through a forest and see no firewood.

۳۲۶۹- بعض آنکھیں ہوتے ہوئے بھی کچھ نہیں دیکھتے!

3270. Some rain, some rest.

۳۲۷۰- کوئی دکھی کوئی سکھی!

3271. Some that speak no ill of any do no good to any.

۲۷۱- بعض جو کسی کی برائی نہیں کرتے کسی کا بھلا بھی نہیں کرتے۔

3272. Something is better than nothing.

۳۲۷۲- بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی!

3273. Some wits can digest before others can chew.

۳۲۷۳-بعض اشخاص اوروں کی نسبت تیز فہم ہوتے ہیں۔

3274. Sometimes the best gain is to lose.

۳۲۷۴-بعض اوقات ہار مان لینے میں ہی فائدہ ہوتا ہے۔

3275. Soon enough is well enough.

۳۲۷۵-بہت زیادہ جلدی کرنے میں نقصان کا احتمال ہے۔

3276. Soon hot, soon cold.

۳۲۷۶- گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ!

3277. Soon ripe, soon rotten.

۳۲۷۷-جلدی پکا جلدی سڑا!

3278. Sooner said than done.

۳۲۷۸- کہنا آسان کرنا مشکل!

3279. Sorrows are lessened when there is bread.

۳۲۷۹- روٹی ہو تو مصیبت اتنی ناگوار نہیں گزرتی!

3280. Sorrows come unsent for.

۳۲۸۰- مصیبت کو بلاتا کون ہے؟

3281. Sorrow and ill weather come uncalled for.

۳۲۸۱- مصیبت اور خراب موسم کو کون خوش آمدید کہتا ہے۔

3282. Sorrow hath killed many.

۳۲۸۲- غم نے بہتوں کی جان لی ہے۔

3283. Sorrow kills not, but it blights.

۳۲۸۳- رنج جان سے نہیں مارتا لیکن کسی کام کا نہیں چھوڑتا۔

3284. Sorrow lengthens the hour.

۳۲۸۴- غم کی گھڑیاں بھاری ہوتی ہیں۔

3285. Sorrow will pay no debt.

۳۲۸۵- رنج و غم بے سود ہے۔

3286. Sorrows are dry.

۳۲۸۶- سب سے سخت رنج و صدمہ وہ ہے جس میں آنسو نہ بہے۔

3287. Sow good work and thou shalt reap gladness.

۳۲۸۷- مسرت نیک کاموں کا اجر ہے۔

3288. Sow in the slop, sure of a crop.

۳۲۸۸- پیڑ ببول کے بوتا اور امید آموں کی رکھنا۔

3289. Sow thin and mow thin.

۳۲۸۹- جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے۔

3290. Spare at the brim, not at the bottom.

۳۲۹۰- خیرات خوشحالی کا زیور ہے مفلسی کا نہیں۔

3291. Spare the rod and spoil the child.

۳۲۹۱- بچے کو مارو نہیں تو بگڑ جاتا ہے۔

3292. Spare to speak and spare the speed.

۳۲۹۲- بن روئے ماں بھی بچے کو دودھ نہیں دیتی۔

3293. Spare your rhetoric and speak logic.

۳۲۹۳- فصاحت کو چھوڑو اور عقل کی بات کرو۔

3294. Speak little and to the purpose.

۳۲۹۴- بات تھوڑی کرو لیکن مطلب کی۔

3295. Speak little, but speak the truth.

۳۲۹۵- تھوڑا بولو پر سچ بولو!

3296. Speak not of my debts unless you mean to pay them.

۳۲۹۶- تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔

3297. Speak of a man as you find him.

۳۲۹۷- جیسا دیکھو ویسا کہو!

3298. Speak well of your friends, and of your enemy nothing.

۳۲۹۸- اپنے دوستوں کی تعریف کرو لیکن دشمن کے متعلق کچھ نہ کہو!

3299. Speak when you're spoken to; come when you're called.

۳۲۹۹- پوچھیں جب بولئے بلائیں تب جائیے-

3300. Speaking without thinking is shooting without aim.

۳۳۰۰- سوچے بغیر بولنا ایسا ہی ہے جیسا بغیر نشانے کے بندوق چلانا-

3301. Speech is silver, silence is golden.

۳۳۰۱- بولنا چاندی ہے مگر خاموش رہنا سونا ہے-

3302. Speech is the picture of the mind.

۳۳۰۲- جو دل میں ہو گا وہی زبان پر آئے گا-

3303. Speech is a physician to a sick mind.

۳۳۰۳-بات چیت بیمار کے لئے گویا طبیب ہے-

3304. Speech is the index of the mind.

۳۳۰۴- آدمی کی بات چیت سے دل کا حال معلوم ہو جاتا ہے-

3305. Spend, and God will send.

۳۳۰۵- شکر خورے کو شکر!

3306. Spread the table and contention will cease.

۳۳۰۶- دستر خوان بچھاؤ سارا جھگڑا ختم ہو جائے گا-

3307. Spurs are the first part of armour.

۳۳۰۷- مہمیز زرہ بکتر کا سب سے ضروری حصہ ہے-

3308. Standing pools gather filth.

۳۳۰۸- پانی تو بہتا بھلا کھڑا گدلا ہوئے-

3309. Stars are not seen by sunshine.

۳۳۰۹- دھوپ میں تارے نظر نہیں آتے-

3310. Steer not after every mariner's direction.

۳۳۱۰- ہر ایک کی بات مت مان لو-

3311. Step by step one goes far.

۳۳۱۱- قدم قدم چل کر منزل طے ہو جاتی ہے-

3312. Step after step the ladder is ascended.

۳۳۱۲- ایک ایک سیڑھی چڑھ کر زینہ ختم ہو جاتا ہے-

3313. Still waters run deep.

۳۳۱۳- دھیرے سو گھنیرے-

3314. Stolen apples are sweet.

۳۳۱۴- چوری کے بیر میٹھے!

3315. Stones are thrown only at fruitful trees.

۳۳۱۶- پھل دار درختوں پر ہی پتھر پھینکے جاتے ہیں۔

3316. Storms make oaks take deeper root.

۳۳۱۶- مصیبت اور زیادہ سخت بنا دیتی ہے۔

3317. Straight trees have crooked roots.

۳۳۱۷- سیدھے درختوں کی جڑیں ٹیڑھی ہوتی ہیں۔

3318. Strength united is the more powerful.

۳۳۱۸- ایک اور ایک مل کر گیارہ ہو جاتے ہیں۔

3319. Stretch your arm no further than your arm will reach.

۳۳۱۹- حیثیت سے باہر قدم مت رکھو!

3320. Stretch your legs according to your coverlet.

۳۳۲۰- جتنی چادر ہو اتنے پاؤں پساریئے۔

3321. Strife and friendship allow of no excuse.

۳۳۲۱- دوستی اور لڑائی میں بہانہ نہیں چلتا۔

3322. Strife begets strife.

۳۳۲۲- جھگڑا جھگڑے کی جڑ-

3323. Strike while the iron's hot.

۳۳۲۳-موقع کو ہاتھ سے نہ دو!

3324. Study the past if you would divine the future.

۳۳۲۴- مستقبل کو جاننے کے لئے ماضی کا مطالعہ کرو-

3325. Study sickness when you are well.

۳۳۲۶- تندرستی میں طبابت سیکھو!

3326. Success is much befriended.

۳۳۲۶- کامیابی میں سبھی دوست ہو جاتے ہیں-

3327. Such a pot must have such a lid.

۳۳۲۷-جیسی روح ویسے فرشتے-

3328. Such a welcome, such a farewell.

۳۳۲۹- جیسی خوش آمدید ویسی الوداع-

3329. Such carpenter, such chips.

۳۳۳۰-جیسا کاریگر ویسا کام-

3330. Such a man as thou would be, draw thee to such company.

۳۳۳۰- آدمی جیسا بننا چاہے ویسی صحبت اختیار کرے-

3331. Sudden friendship, sure repentance.

۳۳۳۱- اچانک دوستی یقینی پچھتاوا!

3332. Sudden glory soon goes out.

۳۳۳۲-ایک دم میں حاصل ہونے والی شہرت بے بنیاد ہوتی ہے-

3333. Suffer that you may be wise, labour that you may have.

۳۳۳۳-تکلیف جھیلے بغیر دانائی اور مشقت کئے بغیر دولت حاصل نہیں ہوتی-

3334. Sugar itself may spoil a good dish.

۳۳۳۴-اعتدال سے زیادہ اچھی چیز بھی خراب ہوتی ہے-

3335. Supple knees feed arrogance.

۳۳۳۵-خوشامد غرور کی غذا ہے-

3336. Sure is the reward of silence.

۳۳۳۶-خاموشی کا صلہ یقینی!

3337. Surgeons cut that they may cure.

۳۳۳۷-جراح اچھا کرنے کے لئے ہی نشتر لگاتا ہے-

3338. Suspicion is the bane of friendship.

۳۳۳۸-دوستی میں شک زہر کا کام کرتا ہے-

3339. Suspicion is strong on the part of the distressed.

۳۳۳۹- مصیبت زدہ لوگوں کو طرح طرح کے وہم ستاتے ہیں-

3340. Suspicions raise hobgoblins in the

dark.

۳۳۴۰-وہمی کو اندھیرے میں بھوت نظر آتے ہیں۔

3341. Suspicion may be no fault, but showing it may be a great one.

۳۳۴۱- شبہ میں کوئی برائی نہیں بشرطیکہ اس کو ظاہر نہ کیا جائے۔

3342. Sweep before your own door.

۳۳۴۲- تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تُو!

3343. Sweep under your own mats.

۳۳۴۳-اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو!

3344. Sweet discourse makes short days and nights.

۳۳۴۴-میٹھی باتوں میں وقت گزرتا معلوم نہیں ہوتا۔

3345. Sweet mercy is nobility's true badge.

۳۳۴۵-رحم شرافت کی نشانی ہے۔

3346. Swine, women and bees cannot be turned.

۳۳۴۶-سور، عورتیں اور مکھیاں جیسی ہوں گی ویسی ہی رہیں گی۔

3347. Sympathy without relief is like mustard without beef.

۳۳۴۷-مدد کے بغیر ہمدردی ایسی ہے جیسی روٹی کے بغیر چٹنی!

T

3348. Table friendship soon changes.

۳۳۴۸۔سلفے یار کس کے۔ دم لگایا اور کھسکے!

3349. Tailors and writers must mind the fashion.

۳۳۴۹۔ درزی اور مصنف کو رائج الوقت طریقوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

3350. Take a man by his word and a cow by her horn.

۳۳۵۰۔ انسان زبان سے قابو میں آتا ہے اور گائے سینگوں سے۔

3351. Take away affection and good will, and all the pleasure is taken away from life.

۳۳۵۱۔ زندگی کا سارا لطف محبت اور نیک نیتی کے ساتھ ہے۔

3352. Take away feel and you take away fire.

۳۳۵۲۔ جھگڑے کی جڑ دور کرو تو جھگڑا مٹے۔

3353. Take away the sword from him who is not in possesion of his senses.

۳۳۵۳۔دیوانے کے ہاتھ میں ہتھیار رہنے دینا دانائی نہیں۔

3354. Take care of the pence, and the

pounds will take care of themselves.

۳۳۵۴-پیسوں کا خیال تم رکھو روپیہ خود بخود جڑ جائے گا۔

3355. Take courage! younger than thou have been hanged.

۳۳۵۵-ہمت نہ ہارو تم سے چھوٹے بڑی بڑی مصیبتیں جھیل چکے ہیں۔

3356. Take heed is a good rede.

۳۳۵۶-احتیاط رکھنا اچھی نصیحت ہے۔

3357. Take care of an ox before, an ass behind and a monk on all sides.

۳۳۵۷-بیل کے سامنے، گدھے کے پیچھے سے اور فقیر کے پاس سے خبردار ہو کر نکلنا چاہئے۔

3358. Take heed of enemies reconciled, and of meat twice boiled.

۳۳۵۸-جو دشمن اب دوست بن گئے ہوں انہیں اور دوبارہ اُبلے ہوئے گوشت کو احتیاط سے برتو۔

3359. Take heed you find not that you do not seek.

۳۳۵۹-بغیر کوشش کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

3360. Take heed of wind that comes in at a hole.

۳۳۶۰- جو دشمن چھپ کر وار کرے اس سے محتاط رہو۔

3361. Take me upon your back and you'll know what I weigh.

۳۳۶۱- کئے بغیر کس طرح معلوم ہو کہ کام مشکل ہے یا آسان۔

3362. Take things as you find them.

۳۳۶۲- ہر حال میں مست رہو۔

3363. Take the world as you find it.

۳۳۶۳- ہر چیز کے متعلق اپنی آزاد رائے قائم کرو۔

3364. Take time while time is, for time will away.

۳۳۶۴- موقع سے فائدہ اٹھالو اسی وقت کیونکہ پھر وقت گزر جائے گا۔

3365. Take time in turning a corner.

۳۳۶۵- خطرہ کی جگہ سے گزرتے وقت جلدی نہ کرو۔

3366. Talent works, genius creates.

۳۳۶۶- قابلیت کام کرتی ہے اور ذہانت ایجاد کرتی ہے۔

3367. Talk much, err much.

۳۳۶۷- جتنا زیادہ بولو گے اتنی زیادہ غلطیاں کرو گے۔

3368. Talk of the devil and see his horns.

۳۳۶۸- شیطان کا ذکر کرنے کی دیر ہے وہ جھٹ آن موجود ہوتا ہے۔

3369. Talking comes by nature, silence by wisdom.

۳۳۶۹- بولنا قدرت سکھاتی ہے، لیکن چپ رہنا عقل سکھاتی ہے۔

3370. *Talking of love is making it.*

۳۳۷۰- محبت کا ذکر کرنا ہی محبت کرنا ہے۔

3371. *Talking pays no to all.*

۳۳۷۱- بولنے میں کچھ خرچ نہیں ہوتا۔

3372. *Tall trees catch much wind.*

۳۳۷۲-اونچے درخت ہی آندھی کی زد میں آتے ہیں۔

3373. *Tarry-long brings little home.*

۳۳۷۳-زیادہ دیر کرنے سے کام بگڑ جاتا ہے۔

3374. *Taxes and gruel will continually grow thicker.*

۳۳۷۴-لگان اور پیچ برابر سخت ہوتے جائیں گے۔

3375. *Taxes are the sinews of the common-wealth.*

۳۳۷۵-لگان کے بغیر سلطنت کا کام نہیں چل سکتا۔

3376. *Teach your grandmother to suck.*

۳۳۷۶-انڈا کہے بچے سے تو چیں چیں نہ کر۔

3377. *Teaching others teacheth yourself.*

۳۳۷۷-علم دوسروں کو دینے سے بڑھتا ہے۔

3378. *Tell a lie and find the truth.*

۳۳۷۸-جھوٹ کے زبان سے نکلنے کی دیر ہے کہ تم کو جھٹلانے والے

سینکڑوں کھڑے ہو جائیں گے۔

3379. Tell no one what you do not wish to be repeated.

۳۳۷۹۔جو بات کسی کو بتانا نہیں چاہتے اس کو اپنے تک ہی رکھو۔

3380. Tell me what you eat, and I will tell you what you are.

۳۳۸۰۔انسان کی بابت کافی اندازہ اس کے کھانے سے لگایا جا سکتا ہے۔

3381. Tell the truth and shame the devil.

۳۳۸۱۔ جو سچ بولتا ہے شیطان کو شرمندہ کرتا ہے۔

3382. Telling the truth loses the game.

۳۳۸۲۔جو سچ بولتا ہے وہ معاملے کو خراب بھی کر لیتا ہے۔

3383. Temperance is the best physic.

۳۳۸۳۔پرہیز بہترین دوا ہے۔

3384. Temperance and labour are the two true physicians.

۳۳۸۴۔پرہیز اور مشقت دو سچے طبیب ہیں۔

3385. Ten constitute a crowd.

۳۳۸۵۔دس کا گروہ بن جاتا ہے۔

3386. Ten times repeated, it will please.

۳۳۸۶۔اچھی بات سو بار دھرائی جائے تو بھی اچھی لگتی ہے۔

3387. That fish will soon be caught that

nibbles at every bait.

۳۳۸۷-جو ہر بات میں لالچ کرتا ہے وہ جلدی نقصان اٹھائے گا۔

3388. That is but an empty purse that is full of other men's money.

۳۳۸۸-دوسرے کا مال بھی کبھی اپنا ہوا ہے؟

3389. That is not good language that all understand not.

۳۳۸۹- زبان وہی اچھی ہے جو سب کی سمجھ میں آئے۔

3390. That is not lost which a friend gets.

۳۳۹۰- گھی کہاں گیا کھچڑی میں!

3391. That is well spoken that is well taken.

۳۳۹۱- جو اچھی لگے وہی بات اچھی۔

3392. That suit is best that fits me.

۳۳۹۲- جو ٹھیک بیٹھے وہی سب سے اچھا!

3393. That which a man knows best he must use most.

۳۳۹۳-جو کام انسان کو سب سے اچھا آئے اسی کو سب سے زیادہ کرنا چاہیے۔

3394. That which cometh from the heart will go to the heart.

۳۳۹۴- دل سے نکلی دل میں راہ کرتی ہے۔

3395. That which hussies spare cats eat.

۳۳۹۵- جمالو سے بچا بلی نے کھایا!

3396. That which is easily done is soon believed.

۳۳۹۶- جو آسانی سے ہو سکے اس کا سب جلدی سے یقین کر لیتے ہیں۔

3397. That which is evil is soon learnt.

۳۳۹۷- بُری عادت جلد پڑ جاتی ہے۔

3398. That which is good for the back is bad for the head.

۳۳۹۸- ایک کے لئے امرت دوسرے کے لئے زہر۔

3399. That which proves too much proves nothing.

۳۳۹۹- جس سے بہت زیادہ ثابت ہو اس سے کچھ بھی ثابت نہیں ہوتا۔

3400. That which two will, takes effect.

۳۴۰۰- جس بات کا دو ارادہ کر لیں وہ ہو کر رہیں گی۔

3401. That which was bitter endure may be sweet remember.

۳۴۰۱- مشکل کا نتیجہ ممکن ہے خوشگوار ثابت ہو!

3402. That which is not required is dear at a far thing.

۳۴۰۲- بے کار چیزیں دمڑی کو بھی مہنگی-

3403. That which you fear happens sooner than that which you hope.

۳۴۰۳- جس بات کا ڈر ہو وہ جلد ہو کر رہتی ہے بہ نسبت اس بات کے جس کی اُمید ہو-

3404. That which is sown in the soil becomes the property of the soil.

۳۴۰۴- جو چیز جس کو دے دی وہ اس کی ہو گئی!

3405. That you may displease no one, take care to invite no one.

۳۴۰۵- نہ کسی کو دعوت دو نہ کوئی ناراض ہو گا-

3406. That's another pair of shoes.

۳۴۰۶- یہ وہ چیز نہیں- دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے-

3407. The absent party is still faulty.

۳۴۰۷- پیٹھ پیچھے برائی- قصور اس کا جو موجود نہ ہو-

3408. The abuse of riches is worse than the want of them.

۳۴۰۸- صرف بے جا سے ناداری بہتر!

3409. The absurd man is he who never changes.

۳۴۰۹- جس پر زمانے کی تبدیلیوں کا مطلقاً اثر نہیں پڑتا اس سے بڑھ کر

واہیات کون؟

3410. The acquistion of wealth is a great toil, its possession a great terror, its loss a great tribulation.

۳۴۱۰- دولت کمانا بڑی مشقت کا کام ہے اس کا رکھنا بڑے خطرے کا کام ہے اور اس کا نقصان ایک بڑی آزمائش (مصیبت) ہے۔

3411. The anger of lovers lasts a short time.

۳۴۱۱- عاشق و معشوق کا شکوہ و گلہ کیا!

3412. The ass dreams thistles.

۳۴۱۲- بلی کو چھیچھڑوں کے خواب۔

3413. The axe goes to the wood where it borrowed its helve.

۳۴۱۳- جس کا کھانا اسی کو غرانا۔

3414. The back door robbeth the house.

۳۴۱۴- چور کھڑکی گھر کا ناس!

3415. The lad, when praised, become still worse.

۳۴۱۶- سراہنے سے لڑکا اور زیادہ سر چڑھتا ہے۔

3416. The balance distinguishes not between gold and lead.

۳۴۱۶- ترازو میں سونا سیسہ ایک برابر-

3417. The beads in the hand, and the Devil in capuch.

۳۴۱۷- منہ میں رام رام- بغل میں چھری-

3418. The beast that always goes never wants blow.

۳۴۱۸- جو شخص اپنا کام ہمیشہ ٹھیک طریقے سے کرے اس کو ڈنڈے کی کیا حاجت؟

3419. The beaten road (or path) is the safest.

۳۴۱۹- براہ راست رو گرچہ دور است-

3420. The bells call others to Church, but go not themselves.

۳۴۲۰- دیگراں را نصیحت خود میاں فضیحت!

3421. The belly hates a long sermon.

۳۴۲۱- بھوکے کو لمبا وعظ بُرا لگتا ہے-

422. The belly hath no ears.

۳۴۲۲- پیٹ کسی کی نہیں سنتا!

3423. The benefit is made nill by the conditions.

۳۴۲۳- بکری نے دودھ دیا، مینگنوں بھرا!

3424. The belly teaches all sorts of mischiefs.

۳۴۲۴- پیٹ بُری بلا!

3425. The belongings of friends are common.

۳۴۲۶- جیسی دوست کی چیز ویسی اپنی-

3426. The best friends are in the purse.

۳۴۲۶- زر ہی بہترین دوست ہے-

3427. The best metal is iron, the best vegetable wheat, and the worst animal man.

۳۴۲۷-لوہا سب سے کار آمد دھات، گیہوں سب سے اچھا اناج اور انسان سب سے بُرا جاندار ہے-

3428. The best mirror is an old friend.

۳۴۲۸- پرانے دوست سے بڑھ کر کوئی آئینہ نہیں-

3429. The best of all gifts is the good intention of the giver.

۳۴۲۹- سب سے اچھا تحفہ دینے والے کی اچھی نیت ہے-

3430. The best of friends must part.

۳۴۳۰- گہرے دوستوں میں بھی جدائی ہوتی ہے-

3431. The best of the sports is to do the

deed and say nothings.

۳۴۳۱- خوبی اس بات میں ہے کہ کام کرکے اس کا راگ نہ الاپا جائے۔

3432. The best physicians are Dr. Diet, Dr. Quiet and Dr. Merry man.

۳۴۳۲-غذا، آرام اور مسرت بہترین طبیب ہیں۔

3433. The best remedy against an ill man is much ground between both.

۳۴۳۳-بُرے آدمی سے دور رہنا ہی بہترین علاج ہے۔

3434. The best remedy against ill fortune is a good heart.

۳۴۳۴-بد قسمتی کا بہترین علاج خوش مزاجی ہے۔

3435. The Best smell is bread, the best savour salt, the best love that of children.

۳۴۳۵-بہترین خوشبو کھانے کی، بہترین ذائقہ نمک کا اور بہترین محبت بچوں کی ہے۔

3436. The best things are hard to come by.

۳۴۳۶-بہترین چیزیں مشکل سے دستیاب ہوتی ہیں۔

3437. The best way to see divine light is put out thy own candle.

۳۴۳۷۔باہر کے پٹ بند کر۔ اندر کے پٹ کھول۔

3438. The best work in the world is done on the quiet.

۳۴۳۸۔دنیا کا بہترین کام چپ چاپ ہوتا ہے۔

3439. The better workman, the worse husband.

۳۴۳۹۔ جتنا اچھا کاریگر اتنا ہی بُرا خاوند ہوگا۔

3440. The bird that can sing and won't sing must be made to sing.

۳۴۴۰۔ کام چور سے زبردستی کام لینا چاہئے۔

3441. The biter bit.

۳۴۴۱۔ چور کے گھر مور!

3442. The black champion presses upon and follows the man. who flees from it.

۳۴۴۲۔جو شیطان سے بھاگنے کی کوشش کرتا ہے شیطان اس کے پیچھے بھاگتا ہے۔

3443. The black ox never yet trod on your feet.

۳۴۴۳۔ابھی تم نے برے دن نہیں دیکھے۔

3444. The blind man's wife needs no

painting.

۳۴۴۴-اندھے کی بیوی کے لئے بناؤ سنگھار بیکار!

3445. The body is more dressed than the soul.

۳۴۴۵-انسان روح کی نسبت جسم کی آرائش کا زیادہ خیال رکھتے ہیں۔

3446. The body is well but the purse is sick.

۳۴۴۶- جنہیں بھوک لگتی ہے انہیں کھانے کو نہیں ملتا۔

3447. The boughs that bear most hang lowest.

۳۴۴۷-جتنا پھلے اتنا جھکے!

3448. The cheap buyer takes bad meat.

۳۴۴۸-ڈھونڈے جو مال سستا پائے خراب و خستہ۔

3449. The butcher looked for the knife, when he had it in his mouth.

۳۴۴۹- لڑکا بغل میں، ڈھونڈورا نگر میں۔

3450. The brain don't lie in the beard.

۳۴۵۰- بزرگی عقل سے ہے نہ کہ عمر سے۔

3451. The brow, the eyes, the countenance very aften deceive us; but most often of all the speech.

۳۴۵۱- چہرے مہرے سے ہم اکثر دھوکہ کھا جاتے ہیں مگر سب سے زیادہ گفتار سے!

3452. The camel desiring to have horns lost even his ears.

۳۴۵۲- کوا چلا تھا ہنس کی چال، اپنی بھی بھول بیٹھا!

3453. The candle before lights better than the candle behind.

۳۴۵۳- آگے کی روشنی سے پیچھے کی روشنی زیادہ کار آمد ہوتی ہے۔

3454. The cards beat all the players, be they never so skilful.

۳۴۵۴- ہزار کوئی ماہر ہو جوا تباہ کئے بغیر نہیں چھوڑتا۔

3455. The cat would eat fish, but wet her feet.

۳۴۵۵- کھانے کو تو جی چاہے پر کام کون کرے۔

3456. The cause being taken away, the effect is removed.

۳۴۵۶- نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔

3457. The cause having ceased, the effect ceases also.

۳۴۵۷- علت نہ رہی تو معلول کہاں سے۔

3458. The chamber of sickness is the

temple of devotion.

۳۴۵۸-بیمار کی خدمت خدا کی عبادت۔

3459. The character of bad men is almost always unstable and changeable.

۳۴۵۹- بُرے کا چال چلن تقریباً ہمیشہ ناپائیدار اور ہمیشہ بدلنے والا ہوتا ہے۔

3460. The charitable gives out at the door, and God puts in at the window.

۳۴۶۰- جو دوسروں کو دیتا ہے خدا اس کو غیب سے دیتا ہے۔

3461. The coin most current is flattery.

۳۴۶۱- خوشامد سب سے چلتا ہوا سکہ ہے۔

3462. The cock is at his best on his own dunghill.

۳۴۶۲- اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے۔

3463. The common horse is worst shod.

۳۴۶۳- سانجھے گھوڑے کے کون جڑے نعل۔

3464. The company makes the feast.

۳۴۶۴- دوستوں کے بغیر دعوت بے لطف ہے۔

3465. The complaint of the present times is the general complaint of all times.

۳۴۶۵- زمانہ ہمیشہ ناموافق اور ناساز گار نظر آیا کرتا ہے۔

3466. The corruption of the best is the worst of corruptions.

۳۴۶۶- نیک کا بگڑنا سب سے بُرا!

3467. The counsel thou wouldst have another keep, first keep, first keep, first keep thy self.

۳۴۶۷- جو نصیحت دوسروں کو کرتے ہو اس پر پہلے خود عمل کرو!

3468. The countenance is the index of the mind.

۳۴۶۸- جو دل میں ہوتا ہے چہرہ اس کو ظاہر کر دیتا ہے۔

3469. The covetous spends more than the liberal.

۳۴۶۹- لالچی فیاض سے زیادہ خرچ کرتا ہے۔

3470. The darkest hour is nearest the dawn.

۳۴۷۰- دکھ کے بعد سکھ!

3471. The day is short, the work is much.

۳۴۷۱- وقت تھوڑا کام زیادہ- عمر کوتاہ قصہ طولانی-

3472. The dead, and only they, should do nothing.

۳۴۷۲- مردوں کے سوائے سب کو کچھ نہ کچھ کام کرنا چاہئے۔

3473. The deeper the well, the colder the water.

۳۴۷۳-جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہو گا۔

3474. The death of youth is a ship-wreck.

۳۴۷۴-جوان مرگ جہاز کی غرقابی!

3475. The desperate man, all things can.

۳۴۷۵-بلی عاجز آجائے تو شیر کی آنکھیں نکال لیتی ہے۔

3476. The desire of writing grows with writings.

۳۴۷۶- کام کرنے سے زیادہ کام کرنے کی خواہش ہوتی ہے۔

3477. The devil invented dicing.

۳۴۷۷-جوئے کا موجد کون تھا؟ شیطان!

3478. The devil is a busy bishop in his own diocese.

۳۴۷۸-شیطان ہر وقت اپنی شیطانیت میں مشغول رہتا ہے۔

3479. The devil is not always at one door.

۳۴۷۹- شیطان ہمیشہ ایک ہی دروازے پر نہیں کھڑا رہتا۔

3480. The devil tempts all other men, but idle men tempt the devil.

۳۴۸۰- شیطان اور سب انسانوں کو ورغلاتا ہے لیکن بیکار خود شیطان کو

بلاتا ہے۔

3481. The dust goes before the broom.

۳۴۸۱۔ زبردست کا ٹھینگا سر پر!

3482. The dust raised by the sheep does not choke the wolf.

۳۴۸۲۔ بھیڑوں کی اڑائی ہوئی مٹی سے بھیڑیئے کا گلا نہیں گھٹ جاتا۔

3483. The eagle does not catch flies.

۳۴۸۳۔باز مکھیوں کا شکار نہیں کرتا!

3484. The ear is the road to the heart.

۳۴۸۴۔ کان سے سنی دل میں اُتری!

3485. The ear is a less trust worthy witness than the eye.

۳۴۸۵۔ سنی ہوئی بات دیکھی ہوئی بات کے برابر کب ہوئی ہے۔

3486. The early bird catcheth the worm.

۳۴۸۶۔ پہلے مارے سو میری!

3487. The early sower never borrows of the late.

۳۴۸۷۔پہلے کام کرنے والے کو کبھی دوسرے سے مانگنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

3488. The earth takes everything which it has brought forth.

۳۴۸۸- مٹی سے جو کچھ پیدا ہوتا ہے آخر مٹی میں مل جاتا ہے۔

3489. The earthen pot must keep clear of the brass kettle.

۳۴۸۹- مٹی کے گھڑے اور پیتل کی گھڑیا کیا دوستی؟

3490. The earthly Paradise and Hell lie in the word Woman.

۳۴۹۰- اس دنیا میں جنت اور دوزخ کا انحصار عورت پر ہے۔

3491. The end crowns the work.

۳۴۹۱- کام کی قیمت انجام سے ہے۔

3492. The end justifies all means.

۳۴۹۲- انت بھلا سو بھلا!

3493. The end makes all equal.

۳۴۹۳- موت کے آگے سب برابر!

3494. The entrance hall is the ornament of the house.

۳۴۹۴- گھر کی زینت ڈیوڑھی سے ہے۔

3495. The epicure puts his purse into his belly, and the miser his belly into his purse.

۳۴۹۵- شکم پرور اپنی تھیلی اپنے پیٹ میں رکھتا ہے اور زر پرست اپنا پیٹ اپنی تھیلی میں۔

3496. The escaped mouse ever feels taste of the bait.

۳۴۹۶- دودھ کا جلا چھاچھ کو بھی پھونک کر پیتا ہے۔

3497. The eternal talker neither hears nor learns.

۳۴۹۷- باتونی نہ تو کسی کی سنتا ہے اور نہ کچھ سیکھتا ہے۔

3498. The evil that men do lives after them.

۳۴۹۸- بُرائی ہمیشہ زندہ رہتی ہے۔

3499. The event is the school-master of fools.

۳۴۹۹- بیوقوفوں کا استاد تجربہ ہے۔

3500. The evil wound is cured, but not the evil name.

۳۵۰۰- گہرا گھاؤ بھر جاتا ہے لیکن بدنامی دُور نہیں ہوتی۔

3501. The eyes are blind when the mind is engaged with other matters.

۳۵۰۱- جب دل کہیں اور ہو تو آنکھوں کو کچھ نظر نہیں آتا۔

3502. The eye is bigger than the belly.

۳۵۰۲- بڑائی چھوٹائی کا انحصار جسامت پر نہیں۔

3503. The eye is blind if the mind is

troubled.

۳۵۰۳- دل ٹھکانے نہ ہو تو کچھ نہیں سوجھتا۔

3504. The eye is the mirror of the soul.

۳۵۰۴- آنکھ گویا ضمیر کا آئینہ ہے۔

3505. The eye lets in love.

۳۵۰۵- آنکھ محبت کا دروازہ ہے۔

3506. The eyes believe themselves, the ears believe other people.

۳۵۰۶- آنکھ اپنا اور کان دوسروں کا یقین کرتے ہیں۔

3507. The eyes have one language everywhere.

۳۵۰۷- دنیا میں سب جگہ آنکھوں سے اظہارِ خیالات کا ایک ہی طریقہ ہے۔

3508. The eye that sees all things else sees not itself.

۳۵۰۸- آنکھ اور سب کچھ تو دیکھ لیتی ہے لیکن اپنے آپ کو نہیں دیکھ سکتی۔

3509. The face and the brow are the entrance of the mind.

۳۵۰۹- چہرہ اور پیشانی دل کے دروازے ہیں۔

3510. The face is the index of the mind.

۳۵۱۰- دل کا حال چہرے سے عیاں ہو جاتا ہے۔

3511. The faires silk soonest stained.

۳۵۱۱- چیز جس قدر خوبصورت ہو اتنی جلدی خراب ہو جاتی ہے۔

3512. The fairest apple hangs on the highest bough.

۳۵۱۲- سب سے عُمدہ پھل سب سے اونچی شاخ پر لگتا ہے۔ نایاب چیز آسانی سے ہاتھ نہیں لگتی۔

3513. The fall of dropping water wears away the stone.

۳۵۱۳- لگاتار پانی کی بوندیں گرنے سے پتھر میں بھی سوراخ ہو جاتا ہے۔

3514. The fated will happen.

۳۵۱۴- تقدیر کا لکھا انمٹ ہے۔

3515. The fault is as great as he that is faulty.

۳۵۱۵- خطا کی بڑائی چھوٹائی خطاکار پر ہے۔

3516. The fault of the horse is put on the saddle.

۳۵۱۶- بندر کی بلا طویلے کے سر۔

3517. The faulty stands on the guard.

۳۵۱۷- مجرم کو ہر وقت کھٹکا لگا رہتا ہے۔

3518. The fear of death is worse than

death.

۳۵۱۸- موت کا ڈر موت سے بھی بڑھ کر۔

3519. The fear of Lord is the beginning of wisdom.

۳۵۱۹- خوفِ خدا، دانائی کی ابتداء۔

3520. The feuds of those most akin are the sharpest.

۳۵۲۰- جتنا قریبی رشتہ دار اتنا ہی زبردست جھگڑا۔

3521. The feet are slow when the head wears snow.

۳۱۲۱- بڑھاپے میں قدم مشکل سے اٹھتا ہے۔

3522. The file grates other things, but rubs itself out too.

۳۵۲۲- ریتی اور چیزوں کو ریتتی ہے لیکن خود بھی گھستی ہے۔

3523. The fire proves gold, adversity brave men.

۳۵۲۳- آگ سونے کی کسوٹی ہے مصیبت بہادروں کی۔

3524. The fire which does not warm me shall never scorch me.

۳۵۲۴- جو چیز مجھے فائدہ نہیں پہنچا سکتی وہ مجھے کبھی نقصان نہیں پہنچائے گی۔

3525. The fire which seems extinguished often slumber beneath the ashes.

۳۵۲۵- جو آگ بجھی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس میں اکثر چنگاری چھپی ہوتی ہے۔

3526. The first and most respectable of all the arts is agriculture.

۳۵۲۶- زراعت سے بڑھ کر کوئی معزز پیشہ نہیں۔

3527. The first blow is as much as two.

۳۵۲۷- پہلا وار دو کے برابر!

3528. The first breath is the beginning of death.

۳۵۲۹- پیدا ہوتے ہی موت کی تیاری شروع ہو جاتی ہے۔

3529. The first dish pleaseth all.

۳۵۳۰- بھوک میں سب کچھ اچھا لگتا ہے۔

3530. The first faults are theirs· that permit them; the second faults are theirs that commit them.

۳۵۳۰- پہلا قصور اس کا جو اجازت دے دوسرا اس کا جو قصور کا مرتکب ہو۔

3531. The first man in the world were a Gardener, a Ploughman, and a

Grazier.

۳۵۳۱- دنیا میں سب سے پہلے مالی، ہالی اور چرواہا تھے۔

3532. The fish adores the bait.

۳۵۳۲- غلام ہمیشہ اپنی زنجیروں سے پیار کرتے ہیں۔

3533. The fields are not always fruitful.

۳۵۳۳-سب کھیتوں میں کھیتی نہیں ہوتی۔

3534. The fool asks much, but he is more fool who grants it.

۳۵۳۴-بیوقوف بہت کچھ مانگتا ہے لیکن جو اسے دیتا ہے وہ اس سے بھی بڑھ کر بیوقوف ہے۔

3535. The fool is lways beginning to live.

۳۵۳۵-بیوقوف ہر روز نیک ارادے کرتا ہے۔

3536. The fool thinks nothing done right unless he has done it himself.

۳۵۳۶- بیوقوف اپنے سوائے کسی کے کام کو ٹھیک نہیں سمجھتا۔

3537. The foolish seek for wealth, the wise for perfection.

۳۵۳۷-جاہل طلب کرتا ہے مال اور عاقل کمال!

3538. The force of necessity is irresistible.

۳۵۳۸- ضرورت میں سب کچھ روا ہے۔

3539. The foremost dog catcheth the hare.

۳۵۳۹- جو سب سے آگے رہے وہی کامیاب رہتا ہے-

3540. The fortunate man truly has no small share of envy.

۳۵۴۰- خوش قسمت کے حاسد بہت!

3541. The fountain is clearest at its source.

۳۵۴۱- چشمہ منبع پر سب سے زیادہ شفاف ہوتا ہے-

3542. The fountains themselves are athrist.

۳۵۴۲- چراغ تلے اندھیرا-

3543. The fox changes his skin but not his habits.

۳۵۴۳-صورت بدلی جا سکتی ہے، لیکن سیرت نہیں بدلی جا سکتی-

3544. The fox knows many devices, but the cat one great on only.

۳۵۴۴-سو سنار کی تو ایک لوہار کی-

3545. The fox knows much, but more he that catcheth him.

۳۵۴۵- سیر کو سوا سیر مل جاتا ہے-

3546. The fox preys farthest from his hole.

۳۵۴۶- ڈھائی گھر ڈائن بھی چھوڑ دیتی ہے-

3547. The friends of my friends are my friends.

۳۵۴۷-دوستوں کے دوست اپنے دوست-

3548. The friends of an unfortunate man are far off.

۳۵۴۸-سیہ بختی میں کوئی دولت نہیں-

3549. The frost hurts not weeds.

۳۵۴۹- شیر نے بھی کبھی مچھر کا شکار کیا ہے؟

3550. The further we go, the further behind.

۳۵۵۰- آگے دوڑ پیچھے چوڑ!

3551. The furthest way about is the nearest way home.

۳۵۵۱- سیدھی راہ چل چاہے دُور ہو-

3552. The generous man pays for nothing so much as what is give him.

۳۵۵۲- فیاض طبع اشخاص نیکی کا بدلہ دوگنا چوگنا یاد کرتے ہیں-

3553. The good forgotten and evil returned for it.

۳۵۵۳-نیکی برباد گناہ لازم۔

3554. The gladiator is taking counsel after entering the arena.

۳۵۵۴- مرے پیچھے وید- او کھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر۔

3555. The good in which you let others share becomes thereby the better.

۳۵۵۵- نیکی میں دوسروں کا حصہ نیکی کو دوبالا کر دیتا ہے۔

3556. The good man's the last to know what's amiss at home.

۳۵۵۶- نیک کو ہمیشہ دوسروں کی فکر پڑی رہتی ہے۔

3557. The good opinion of men is safer than money.

۳۵۵۷-دولت کی نسبت نیک نامی زیادہ محفوظ ہے۔

3558. The good seaman is known in bad weather.

۳۵۵۸- طوفان میں ماہر ملاح کی قابلیت کا پتہ چلتا ہے۔

3559. The good you do is not lost, though you forget it.

۳۵۵۹- نیکی خدا کے ہاں لکھی جاتی ہے۔

3560. The grandmother's correction makes no impression.

۳۵۶۰- بڑوں کا کہا ایک کان سنا دوسرے کان اُڑا دیا۔

3561. The grapes are sour.

۳۵۶۱- انگور کھٹے ہیں۔

3562. The grave is the general meeting place.

۳۵۶۲- ایک نہ ایک دن سب کو مرنا ہے۔

3563. The great Alexander was small in body.

۳۵۶۳- سکندرِ اعظم قد آور اور جسیم نہیں تھا۔

3564. The great thieves punish the little ones.

۳۵۶۴- بڑی مچھلیاں چھوٹی مچھلیوں کو کھاتی ہیں۔

3565. The greatest of events are often produced by accidents.

۳۵۶۵- بڑے واقعات اور اہم واقعات اکثر اوقات اتفاق سے ظہور میں آتے ہیں۔

3566. The greatest hate springs from the greatest love.

۳۵۶۶- بہت میٹھے میں کیڑے پڑتے ہیں۔

3567. The heart of the wise, like a mirror, should reflect all objects without

being sullied by any.

۳۵۶۷- دانا آدمی کا دل مانندِ آئینہ ہے، ہر چیز کا عکس دکھا دیتا ہے مگر خود کسی کا اثر قبول نہیں کرتا۔

3568. The heart's letter is read in the eyes.

۳۵۶۸- دلی جذبات آنکھوں سے ظاہر ہوتے ہیں۔

3569. The hermit thinks the sun shines now here but in his cell.

۳۵۶۹- سب کو اپنی ہی چیز بہترین معلوم ہوتی ہے۔

3570. The higher up, the greater fall.

۳۵۷۰- جتنا اونچا ہوگا اتنے ہی زور سے گرے گا!

3571. The highest perfection cannot be attained.

۳۵۷۱- پورا کمال حاصل نہیں ہوتا۔

3572. The highest seat will not hold two.

۳۵۷۲- بلند ترین مرتبہ ایک ہی آدمی کو نصیب ہوتا ہے۔

3573. The hours are made for man, and not man for the hours.

۳۵۷۳- اصول انسان کے لئے بنائے گئے ہیں انسان اصولوں کے لئے نہیں بنایا گیا۔

3574. The house is a fine house when

good folks are within.

۳۵۷۴-مکان کی خوبصورتی کا انحصار مکینوں کی نیکی پر ہے-

3575. The house shows its owner.

۳۵۷۵- گھر کی حالت سے مالک کی اصلیت جانی جاتی ہے-

3576. The humble suffer when the powerful disagree.

۳۵۷۶- گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے-

3577. The hungry stomach rarely despises common food.

۳۵۷۷-بھوک میں چنے بھی بادام-

3578. The husband's mother is the wife's devil.

۳۵۷۸-خاوند کی ماں- بہو کے لئے گویا شیطان-

3579. The informer is the worse rouge of the two.

۳۵۷۹- برا کام کرنے والے کی نسبت چغلخور بڑا!

3580. The innocent have nothing to fear.

۳۵۸۰- سانچ کو آنچ نہیں!

3581. The key in use is always bright.

۳۵۸۱- چلتے پرزے کو زنگ نہیں لگتا!

3582. The iron ring is worn out by

constant use.

۳۵۸۲۔ متواتر استعمال سے لوہا بھی گھس جاتا ہے۔

3583. The judgement of men is fallible.

۳۵۸۳۔ فہم انسانی خطاکار ہے۔

3584. The just shall flourish like a palm tree.

۳۵۸۴۔ نیک مانند شجر پھولیں پھلیں گے۔

3585. The quarrels of lovers are the renewal of love.

۳۵۸۵۔ محبت میں لڑائی کا مطلب محبت کی تجدید ہے۔

3586. The king exists for the sake of the kingdom, not the kindom for the sake of the king.

۳۵۸۶۔ بادشاہ سلطنت کے لئے ہوتا ہے سلطنت بادشاہ کے لئے نہیں ہوتی۔

3587. The king never dies.

۳۵۸۷۔ گدی کبھی خالی نہیں رہتی!

3588. The king's favour is no in heritance.

۳۵۸۸۔ بادشاہ کا لطف و کرم چار دن کی چاندنی۔

3589. The labour itself is a delight.

۳۵۸۹۔ محنت بذاتِ خود باعث مسرت ہے۔

3590. The last drop makes the cup run over.

۳۵۹۰- بھرے پیالے میں اگر ایک بوند کا بھی اضافہ ہو تو وہ بہہ نکلتی ہے-

3591. The last straw breaks the camel's back.

۳۵۹۱- آخر ظلم کی بھی حد ہے-

3592. The law is not the same at morning and night.

۳۵۹۲- قانون حالات کے مطابق عائد ہوتا ہے-

3593. The least foolish is wise.

۳۵۹۳- جو سب سے کم بیوقوف ہے وہی عقلمند ہے-

3594. The less people think the more they talk.

۳۵۹۴- جو کم سوچتے ہیں وہی زیادہ بولتے ہیں-

3595. The less the temptation, the greater the sin.

۳۵۹۵- جس قدر ترغیب کم اتنا ہی گناہ زیادہ-

3596. The liar is sooner caught than the cripple.

۳۵۹۶- لنگڑے آدمی کی نسبت جھوٹ جلد تر پکڑا جاتا ہے-

3597. The life given us is for use.

۳۵۹۷- زندگی کام کرنے کے لئے دی گئی ہے۔

3598. The life of man on earth is warfare.

۳۵۹۸- حیاتِ انسانی کا دوسرا نام جدوجہد ہے۔

3599. The love of money grows as the money grows.

۳۵۹۹- دولت کے ساتھ حرص بڑھتی ہے۔

3600. The lone sheep is in danger of the wolf.

۳۶۰۰- اکیلے دُکیلے کو خطرہ۔

3601. The longest day must have an end.

۳۶۰۱- کسی کی حالت یکساں نہیں رہ سکتی!

3602. The love of money and the love of learning seldom meet.

۳۶۰۲- زر کی محبت اور علم کی محبت شاذونادر ہی یکجا ملتی ہے۔

3603. The low stakes stand long.

۳۶۰۳- جو شخص اپنی طاقت سے بڑھ کر کام کرتا ہے خطا کھاتا ہے۔

3604. The lower millstone grinds s well as the upper.

۳۶۰۴- چراغ سے چراغ جلتا ہے۔

3605. The man is a scoundrel who knows how to accept a favour but does not

know how to return it.

٣٦٠٥- اس سے بڑھ کر بدمعاش کون ہے جو لینا جانتا ہے پر دینا نہیں جانتا-

3606. The mask falls, the hero disappears.

٣٦٠٦- اصلیت ظاہر- نمازی غائب!

3607. The master absent, the house dead.

٣٦٠٧- گھر کی رونق مالک کے دم سے ہے-

3608. The meekness of Moses is better than the strength of Samson.

٣٦٠٨- حلم سے وہ کام نکل سکتے ہیں جو طاقت سے نہیں نکل سکتے!

3609. The middle course is the best.

٣٦٠٩- میانہ روی بہترین تدبیر ہے-

3610. The mill gets by going.

٣٦١٠- کام کرنے سے ہوتا ہے-

3611. The mind ennobles, not the blood..

٣٦١١- شرافت نیت سے ہے-

3612. The mind loves free space.

٣٦١٢- دل بندش نہیں قبول کرتا-

3613. The mind makes a man noble.

٣٦١٣- نیکی کا دارومدار دل پر ہے-

3614. The mob has many heads, but no

brains.

۳۶۱۴- خلقت میں سر بہت عقل تھوڑی-

3615. The moon does not head the barking of dogs.

۳۶۱۶- کتے بھونکتے رہتے ہیں ہاتھی نکل جاتے ہیں-

3616. The more cost, the more honour.

۳۶۱۶- جتنی زیادہ تکلیف اتنی زیادہ عزت-

3617. The more foolish a man is, the more insolent does he grow.

۳۶۱۷- جتنا بیوقوف- اتنا ہی گستاخ!

3618. The more force storms have, the shorter time they endure.

۳۶۱۸- آندھی جتنی تیز ہوگی اتنی ہی تھوڑی دیر رہے گی-

3619. The more noble, the more humble.

۳۶۱۹- جو جتنا نیک ہوتا ہے اتنا ہی حلیم ہوتا ہے-

3620. The more wit, the less courage.

۳۶۲۰- عقل زیادہ، ہمت کم!

3621. The more women look in their glass, the less they look to their house.

۳۱۲۱- عورت کو جتنا بناؤ سنگھار کا زیادہ خیال ہوگا اتنی ہی گھر کے کام کاج سے لاپرواہی ہوگی-

3622. The more you do, the more you may do.

۳۶۲۲- جتنا کام کرو اتنا ہی کام کرنے کی طاقت بڑھتی ہے۔

3623. The morning hour has gold in its mouth.

۳۶۲۳- زر و مال سے بہرہ ور ہونا چاہتے ہو تو علی الصبح اٹھنے کی عادت ڈالو!

3624. The morning sun never lasts a day.

۳۶۲۴- بہار کے بعد خزاں کا دور ہوتا ہے۔

3625. The most delicious pleasure is to cause that of other people.

۳۶۲۵- سب سے اچھی خوشی دوسروں کو خوش کرنا ہے۔

3626. The most lasting monuments are the paper monuments.

۳۶۲۶- علم و ادب کی یادگاریں پائندہ ترین یادگار ہیں۔

3627. The mother of mischief is less than a gnat.

۳۶۲۷- برائی کا آغاز رائی سے بھی چھوٹا ہوتا ہے۔

3628. The mountains are in labour; an absurd mouse will be born.

۳۶۲۸- کھودا پہاڑ نکلی چوھیا!

3629. The mouth that lies slays the soul.

۳۶۲۹- جھوٹ بولنا ضمیر کا خون کرنا ہے۔

3630. The name of the Lord is a very strong tower.

۳۶۳۰- خدا کے نام میں بڑی طاقت ہے۔

3631. The name of friend is common, but faith in friendship is rare.

۳۶۳۱- دولت تو بہت لیکن وفا نایاب!

3632. The nearer the bone, the sweeter the flesh.

۳۶۳۲- گوشت جتنا ہڈی کے قریب ہوگا اتنا ہی زیادہ لذیذ ہوگا۔

3633. The nearer the church, the farther from God.

۳۶۳۳-چراغ تلے اندھیرا۔

3634. The nearer you can associate yourself with the good, the better.

۳۶۳۴-نیکی کے جس قدر نزدیک رہو اتنا ہی اچھا ہے۔

3635. The newly kindled fire subsides sprinkled with a little water.

۳۶۳۵- آتش خام کو بجھانے کے لئے ذرا سا پانی کافی ہوتا ہے۔

3636. The nimblest footman is a false tale.

۳۶۳۶- جھوٹی خبر پھیلتے دیر نہیں لگتی!

3637. The noblest revenge is to forgive.

۳۶۳۷۔بہترین انتقام عفو ہے۔

3638. The noisy drum hath nothing in it but mere air.

۳۶۳۸۔ تھوتھا چنا باجے گھنا۔

3639. The noisy fowler catcheth no bird.

۳۶۳۹۔ جو شور مچاتا ہے اس کو کامیابی نہیں!

3640. The offender never pardons.

۳۶۴۰۔ گناہگار کبھی بھی معاف نہیں کرتا۔

3641. The older the blood, the less the pride.

۳۶۴۱۔ جس قدر قدیم خاندان اتنا ہی کم غرور۔

3642. The owl is not accounted wiser for living retiredly.

۳۶۴۲۔ گوشہ نشینی سے ہی کوئی عقلمند نہیں بن جاتا!

3643. The path of duty is near at hand; men seek it in what is remote.

۳۶۴۳۔ گھر میں گنگا بہے نہانے تالاب میں جائے!

3644. The patient hath more need of the physician than the physician of the patient.

۳۶۴۴- پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا!

3645. The pick of the basket.

۳۶۴۵- سب سے عمدہ چھانٹ!

3646. The pitcher goes so often to the water that it is broken at last.

۳۶۴۶- بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی؟

3647. The pleasure of what we enjoy is lost by coveting more.

۳۶۴۷- دولت کا مزہ حرص سے جاتا رہتا ہے-

3648. The poor do penance for the sins of the rich.

۳۶۴۸- امیروں کے گناہوں کا خمیازہ غریبوں کو بھگتنا پڑتا ہے-

3649. The poor man is never free; he serves in every country.

۳۶۴۹- غریب کہیں بھی آزاد نہیں وہ ہر ملک میں آزاد ہے-

3650. The poor man's shilling is but a penny.

۳۶۵۰- غریب کا سونا بھی پیتل!

3651. The pot boils, friendship lives.

۳۶۵۱- جب پیسہ ہو تو کئی دوست یار!

3652. The pot calls the kettle black.

۳۶۵۲- چھاج تو بولے سو بولے چھلنی بھی بولے جس میں سو چھید-

3653. The present is the only time to act in.

۳۶۵۳- جو کل کرنا ہو آج کرلے جو آج کرنا سو ابھی کرلے-

3654. The present fashion is always handsome.

۳۶۵۴- موجودہ فیشن سب سے اچھا لگتا ہے-

3655. The priest forgets he was a clerk.

۳۶۵۵- انسان کو غرور کسی حالت میں زیب نہیں دیتا-

3656. The proof of day is night.

۳۶۵۶- اگر رات نہ ہو تو دن کو کون مانے؟

3657. The proof of a pudding is in the eating.

۳۶۵۷-ہاتھ کنگن کو آرسی کیا-

3658. The priest goes no farther than the church.

۳۶۵۸- ملا کی دوڑ مسجد تک-

3659. The public pays with ingratitude.

۳۶۵۹- عوام الناس احسان کا بدلہ ناشکر گزاری سے دیتے ہیں-

3660. The question is what is the law, not who are the parties?

۳۶۶۰- سوال قانون کا ہے یہ نہیں کہ مدعی کون ہے اور فریق مخالف کون؟

3661. The receiver is as bad as the thief.

۳۶۶۱- چوری کا مال لینے والا بھی چور!

3662. The result proves the action.

۳۶۶۲- کام کا حسن و قبیح انجام پر موقوف ہے۔

3663. The reward of love is jealousy.

۳۶۶۳- محبت کا صلہ حسد!

3664. The rich man knows not who is friend.

۳۶۶۴- امیر کو سچے دوست کا پتہ نہیں لگ سکتا۔

3665. The rich need not beg a welcome.

۳۶۶۵- امیر کو ہر جگہ خوش آمد کہا جاتا ہے۔

3666. The rich never want kindred.

۳۶۶۶- امیر کے سب رشتہ دار!

3667. The rotten apple injures its neighbours.

۳۶۶۷- صحبت صالح ترا صالح کند!

3668. The saint who works no miracles, has few pilgrims.

۳۶۶۸- جو کوئی معجزہ نہ کر کے دکھائے اس کا مرید کون؟

3669. The suythe feeds the meadow.

۳۶۶۹- کھیتی کٹے نہ تو بڑھے کیسے!

3670. The sea complains for want of water.

۳۶۷۰- راجہ کے گھر موتیوں کا کال!

3671. The sea refuses no rivers.

۳۶۷۱- دریا دل کب کسی کو انکار کرتے ہیں۔

3672. The seal of truth is simple.

۳۶۷۲- سچائی کی مہر سیدھی سادی ہوتی ہے۔

3673. The second blow makes the fray.

۳۶۷۳-ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی!

3674. The sense of sight is the keenest of al! our senses.

۳۶۷۴-حواسِ خمسہ میں قوتِ مشاہدہ تیز ترین حس ہے۔

3675. The shortest answer is doing.

۳۶۷۵-سب سے مختصر جواب کام کا کرنا ہے۔

3676. The shortest mistakes are always the best.

۳۶۷۶- غلطی جس قدر چھوٹی اتنی ہی اچھی۔

3677. The sin is not in the sinning, but in the being found out.

۳۶۷۷- گناہ گناہ نہیں اگر ظاہر نہ ہو!

3678. The sleeping fox.. catches no poultry.

۳۶۷۸-جو سوتا ہے وہ کھوتا ہے-

3679. The slothful man is the beggar's brother.

۳۶۷۹- کاہل فقیر کا بھائی!

3680. The slowest in promising is always the most faithful in fulfilling.

۳۶۸۰- جو وعدے مشکل سے کرتا ہے وہی اس کو وفاداری سے نباہتا ہے-

3681. The sluggard's convenient season never comes.

۳۶۸۱- کاہل کے کام کرنے کا وقت کبھی نہیں آتا!

3682. The soil of our native land is dear to us all.

۳۶۸۲- اپنا وطن کسے پیارا نہیں لگتا!

3683. The soul is not where it lives, but where it loves.

۳۶۸۳- سمجھو وہیں ہمیں بھی ہو دل جہاں ہمارا!

3684. The soul needs few things, the body many.

۳۶۸۴- جسم کے مقابلے میں روح کی ضروریات بہت تھوڑی ہیں!

3685. *The sow loves bran better than roses.*

۳۶۸۵- مرغ کو ہیرے کی نسبت جو کا دانہ پیارا!

3686. *The sparrow flying behind the hawk thinks the hawk is fleeing.*

۳۶۸۶- باز کے پیچھے اڑتی ہوئی چڑیا یہ سمجھتی ہے کہ باز اس سے ڈر کر بھاگا جا رہا ہے-

3687. *The stars govern men, but God governs the stars.*

۳۶۸۷- قسمت ہم پر حکمرانی کرتی ہے لیکن خدا قسمت پر!

3688. *The sting of a reproach is the truth of it.*

۳۶۸۸- لعنت ملامت تب ہی بُری معلوم ہوتی ہے جب وہ سچائی پر مبنی ہو!

3689. *The truest jests sound worst in guilty ears.*

۳۶۸۹- چور کی داڑھی میں تنکا-

3690. *The stomach carries the feet.*

۳۶۹۰- پیٹ سب کچھ کراتا ہے-

3691. *The stone that lieth not in your wa need not offend you.*

